ان مساواتون سے فرض کرو کہ مو اور لو کے ارقام مین لا اور ی دریافت ہوئی ہین سو اونکو اسطرح لکھہ سکتے ہین کہ

لو = ح۱ (لا و ی) اور مو = ح۲ (لا و ی) . . . (۲)

اب لو کی کوئی مستقل قیمت لگاؤ تو اول مساوات (۲) کی ایک خط منحنی کو تعبیر کرنی لگتی ہی اور متواتر
مستقل قیمتین لو کی لگانے سے ایک سلسلہ ایسے خطوط منحنی کا حاصل ہوگا پس فرض کرو کہ
د ع ق س ایسا خط منحنی ہو جسکا ہر نقطہ پر ح (لا و ی) کی ایک خاص مستقل قیمت لو رکھتا ہے
اور فرض کرو کہ ا ص ر س ایک خط منحنی ہے جسکے ہر نقطہ پر ح (لا و ی) کی خاص مستقل قیمت
لو + فرلو رکھتا ہے علی ہذا القیاس ب ع ص د ایک خط منحنی جسکی ہر نقطہ پر ح (لا و ی)
ایک خاص مستقل قیمت مو رکھتا ہے اور ب ق ر د خط منحنی ہی جسکی ہر نقطہ پر ح (لا و ی)
ایک خاص قیمت مستقل مو + فرمو رکھتا ہے اور اب فرض کرو کہ لا و ی محددین نقطہ ع کے ہین
اب ق اور ص اور ر کے محددین کو بیان کرتے ہین
محددین ق کے ع کی محددین سے اسطرح دریافت ہوتے ہین کہ مو کو مو +
فرمو سے بدلتی ہین پس اسی معلوم ہوا کہ موافق (۱) کے وہ آخر کو جب فرمو غیر محدود
چھوٹا ہوگا یہہ ہونگے کہ

لا + (زلا/زمو) فر لا اور ی + (زی/زمو) فرمو

علی ہذا القیاس ص کے محددین ع کے محددین سے اسطرح دریافت ہوتے ہین کہ لو کو
لو + فرلو سے بدل دو اسے معلوم ہوا کہ موافق (۱) کے وہ اخرکار

لا + (زلا/زلو) فرلو اور ی + (زی/زلو) فرلو

محددین ر کے ع کے محددین سے اسطرح دریافت ہوتے ہین کہ لو کو لو + فرلو سے اور
مو کو لو + فرمو سے تبدیل کرین اسے بموجب (۱) کے اخر کو وہ یہہ ہونگے کہ

لا + (زلا/زلو) فرلو + (زلا/زمو) فرمو اور ی + (زی/زلو) فرلو + (زی/زمو) فرمو

ان نتایج سے ثابت ہوتا ہے کہ ع اور ق اور ر اور ص اخر کو ایک متوازی الاضلاع کے
کونون کے نقطون پر واقع ہوتے ہین اور اس متوازی الاضلاع کا رقبہ تعبیر کسی غلطی کے بجاے
رقبہ منحنی الاضلاع ع ق ر ص کے حد غائی مین لے سکتی ہین اور مثلث ع ق ر

کے صورت بیانیہ اوسکے کونون کی محددین کے اندر دفعۂ اہل علم ہندسہ بالجبری ظاہر ہے
اور رقبہ متوازی الاضلاع کا دوچند مثلث سے ہوتا ہے اسسے معلوم ہوا کہ اخر کار رقبہ ع ق ر ص
کی صورت بیانیہ یہہ ہوگی کہ

$$\pm\left(\frac{\text{زلا}}{\text{زلو}}\,\frac{\text{زی}}{\text{زمو}}-\frac{\text{زلا}}{\text{زمو}}\,\frac{\text{زی}}{\text{زلو}}\right)\text{فرلو فرمو}$$

پس اسسے ظاہر ہے کہ مع مع مہ زلا زی کی جگہ

$$\pm\,\text{مع مع مہ}\left(\frac{\text{زلا}}{\text{زلو}}\,\frac{\text{زی}}{\text{زمو}}-\frac{\text{زلا}}{\text{زمو}}\,\frac{\text{زی}}{\text{زلو}}\right)\text{زلو زمو}$$

رکھہ سکتے ہین اشتباہ علامت کا اوسوقت رفع ہوجائیگا جسوقت کلی حدود دفائی دریافت ہوجائیگی
ہئت بدلی ہوئی کلی ہین ہم یہہ فرض کر سکتے ہین کہ کلی بلحاظ مو اول لی گئی ہین اور لو مقدار مستقل
سمجھی گئی ہے اور اسکی یہہ معنی ہین کہ اجزاء ترکیبی شکل ع ق ر ص کے جیسے ایک قطعہ مثل ا ا' س س'
کے بنتا ہے لی گئی ہین پس کلی بلحاظ لو کے یہہ معنی ہین کہ تمام ایسے قطعے جیسا کہ ا ا' س س' ہے
اور جو احاطہ ا ب س د مین واقع ہین لی گئے ہین

(۲۴۷) اب کلی مثلثہ کی ہئت بدلنی کی توضیح علم ہندسہ مین کرتے ہین

فرض کرو کہ مع مع مع مہ زلا زی زے کلی مثلثہ سے اور لا اور ی اور ے کے تمام

قیمتون کے موافق جو حدود غائی معینہ مین واقع ہو لی گئی ہی اور فرض کرو کہ مقادیر متغیر
لا و ی و ے ان نئی مقادیر متغیر لو و مو و می کے ساتھہ ان مساواتون مین مربوط ہین
لا = ح (لو و مو و می) اور ی = ح۲ (لو و مو و می) اور ے = ح۳ (لو و مو و می)...(۱)
ان مساواتون سی فرض کرو کہ لو اور مو اور می کو ارقام لا اور ی اور ے مین بیان کرین تو (۲)
لو = ح۱ (لا و ی و ے) اور مو = ح۲ (لا و ی و ے) اور می = ح۳ (لا و ی و ے)
اب لو کی کوئی مستقل قیمت لگانے سے اول مساوات (۲) کی ایک سطح بیرونی کو تعبیر کرنی لگی ہے
اور متواتر مختلف مستقل قیمتین لو کی لگانے سے ہم کو ایک سلسلہ سطوح بیرونی کا حاصل ہوتا ہے
فرض کرو کہ ایک سطح بیرونی ہو جسکا ہر نقطہ ح۱ (لا و ی و ے) قیمت مستقل لو رکہتا ہے
اور یہہ بہی فرض کرو کہ ع اور ب اور د اور س چار نقطی اوس سطح بیرونی مین ہین
اور ایک سطح بیرونی ایسی بہی ہے کہ جسکا ہر نقطہ پر ح۱ (لا و ی و ے) ایک مستقل قیمت
لو + فرلو رکہتا ہے اور اس سطح بیرونی مین چار نقطی آ و قَ و حَ و یَ ہین اور ایک سطح
فرض کرو کہ ع و آ و ی و سَ اوس سطح بیرونی مین ہین جسکے ہر نقطہ پر ح۲ (لا و ی و ے)
مستقل قیمت مو رکہتا ہے اور بَ و دَ و حَ و قَ اوس سطح بیرونی پر ہین جسکے
ہر نقطہ پر ح۲ (لا و ی و ے) ایک مستقل قیمت مو + فرمو رکہتا ہے
فرض کرو کہ ع اور آ اور قَ اور بَ اوس سطح بیرونی مین ہین جسکے ہر نقطہ پر
ح۳ (لا و ی و ے) مستقل قیمت می رکہتا ہے اور سَ و دَ و حَ و یَ اوس سطح بیرونی مین
ہین جسکے ہر نقطہ پر ح۳ (لا و ی و ے) ایک مستقل قیمت می + فرمی رکہتا ہے
فرض کرو کہ لا و ی و ے محددین نقطہ ع کے ہین اب ہم محددین اور نقاط کے بیان کرتے ہین
محددین نقطہ ا کے ع کے محددین سے اسطرح دریافت ہوتی ہین کہ لو کو لو + فرلو سے
بدل دین اسی معلوم ہوا کہ موافق (۱) کے وہ اجزا کا رجیب فرلو غیر محدود چہوٹا ہو
لا + $\frac{\text{ز}لا}{\text{ز}لو}$ فرلو اور ی + $\frac{\text{ز}ی}{\text{ز}لو}$ فرلو اور ے + $\frac{\text{ز}ے}{\text{ز}لو}$ فرلو ہین

اور محددین ب کے ع کے محددین سے اسطرح دریافت ہوتے ہین کہ مو کو مو + فر مو سے

بدلین اسے معلوم ہوا کہ موافق (۱) کے وہ اخر کار

لا + $\frac{ز لا}{ز مو}$ فر مو اور ی + $\frac{ز ی}{ز مو}$ فر مو اور ے + $\frac{ز ے}{ز مو}$ فر مو ہین

اور اسیطرح محددین ج کے اخر کار

لا + $\frac{ز لا}{ز می}$ فر می اور ی + $\frac{ز ی}{ز می}$ فر می اور ے + $\frac{ز ے}{ز می}$ فر می ہونگے

اور محددین د کے ع کے محددین سے اسطرح دریافت ہوتے ہین مو کو مو + فر مو سے

اور می کو می + فر می سے بدل دین تو موافق (۱) کے اخر کو وہ یہہ ہونگے کہ

لا + $\frac{ز لا}{ز مو}$ فر مو + $\frac{ز لا}{ز می}$ فر می اور ی + $\frac{ز ی}{ز مو}$ فر مو + $\frac{ز ی}{ز می}$ فر می اور ے + $\frac{ز ے}{ز مو}$ فر مو + $\frac{ز ے}{ز می}$ فر می

اسیطرح سے محددین ی اور ف اور ح کے دریافت ہوتے ہین

ان قیمتون سے ثابت ہوتا ہے کہ ع و آ د ب د س د د د ی د ق و ح اخر کار ایک

مجسم متوازی السطوح کے کونون پر واقع ہونگے اور اس مجسم متوازی السطوح کا حجم

بغیر کسی غلطی کے حجم اوس مجسم کا ہو سکتا ہے جو چہہ سطوح بیرونی مذکور سے احاطہ کیا جاے

اب یہہ مسئلہ مشہور ہے جو مجسم چار مثلث متساوی الاضلاع سے احاطہ ہوتا ہے اوسکے حجم

کو اوسکے کونون کے محددین کے ارقام مین بیان کر سکتے ہین اور مجسم متوازی السطوح

ع ح اسے مجسم مخروطی ا ب ع س سے چہہ گنا ہے اسے معلوم ہوا کہ اخر کار

حجم مجسم متواز السطوح کا یہہ ہوگا کہ

$$\pm \left[\frac{ز لا}{ز لو} \left(\frac{ز ی}{ز مو} \frac{ز ے}{ز می} - \frac{ز ی}{ز می} \frac{ز ے}{ز مو} \right) + \frac{ز ی}{ز لو} \left(\frac{ز ے}{ز مو} \frac{ز لا}{ز می} - \frac{ز ے}{ز می} \frac{ز لا}{ز مو} \right) \right.$$

$$\left. + \frac{ز ے}{ز لو} \left(\frac{ز لا}{ز مو} \frac{ز ی}{ز می} - \frac{ز لا}{ز می} \frac{ز ی}{ز مو} \right) \right] \text{فر لو فر مو فر می} = \pm \text{ن فر لو فر مو فر می}$$

اسے معلوم ہوا کہ کلی مثلثہ کی ہئیت بدلی ہوئی

$$\pm \text{مع مع مع مَہ ن ز لو ز مو ز می}$$

ہی اشتباہ علامت کا اوسوقت رفع ہوجایگا کہ حدود غائی کلی معلوم ہوجائین

(۲۴۸) کلی متناہ اور مثلثہ کا ہیئت بدلنے کا مسئلہ لکھا گیا اس تحقیقات مین اصل منشا ہمارا یہہ ہے تہا کہ ہم تبلادین کہ پہلی مقادیر متغیر کس طرح خارج ہو جاتے ہین اور اونکے جگہ نئی مقادیر متغیر کیونکر داخل ہوجاتی ہین طالب علمون کو ہدایت کرتے ہین کہ وہ خاص اس باب پر متوجہ ہون کیونکہ اوسکے سبب سے مسئلہ صاف اور عیان ہوجاتا ہے اور حدود دغائی ہیئت بدلی ہوئی کلی کی بابانی تحقیق ہوسکتی ہین توضیحات ہندسیہ کا بوجہ طالب علم کے سر پر نہین رکہتی کہ خواہ مخواہ وہ اوسپر توجہ کرے اسلئے کہ اونکی تشریح کے واسطے کچہ لکہنا چاہیے جب وہ قایل اسکے ہوتی ہین کہ اونکے اثبات کو مستحکم سمجہین

(۲۴۹) اب اس مضمون کو ختم کرنے سے پیشتر ہم وہ ترکیب لکہتے ہین جو پہلے پہلے مسئلے کے حل کرنے مین کام اتی تہی ہم نے جواس ترکیب کو وقعت کے ساتہہ نہین بیان تو کچہ سبب تو یہہ تہا کہ اوسے حدود دغائی جدید کی تشخیص کرنے مین کچہ اعانت نہین ہوتی اور کچہہ یہہ سبب تہا کہ وہ صاف نہین تنگ اور تاریک ہے اس تنگ تاریک ہونے کی شکایت اور مصنفین پہلے سے ہی کر چکے ہین

فرض کرو کہ مع مع مہ زلا زی کی ہیئت بدلتی ایسی کلی ہین ہے جو بلحاظ دو نئی مقادیر متغیر لو اور مو کے لیجاے اور یہہ دو نو نئی مقادیر متغیر پہلے مقادیر متغیر کے معلوم جملے ہین

فرض کرو کہ مقادیر متغیر مین ایسی تبدلات کی گئی ہین جنمین غیر متناہی چہوٹے اجزا لی گئی ہین تو

$$زلا = \frac{زلا}{زلو} زلو + \frac{زلا}{زمو} زمو \quad \ldots (۱)$$

$$زی = \frac{زی}{زلو} زلو + \frac{زی}{زمو} زمو \quad \ldots (۲)$$

اب اصل صورت بیانیہ مہ زلا زی مین زلا کے بنانے مین ی کو مقدار مستقل فرض کرتے ہین اسلیے

زی = ۰ اسے (۲) کے یہہ صورت ہوجائیگی کہ

$$۰ = \frac{زی}{زلو} زلو + \frac{زی}{زمو} زمو \quad \ldots (۳)$$

اسے زمو کو دریافت کرو اور اوسکی قیمت کو (۱) مین درج کرو تو یہہ حاصل ہوگا کہ

$$زلا = \frac{\frac{زلا}{زلو}\frac{زی}{زمو} - \frac{زلا}{زمو}\frac{زی}{زلو}}{\frac{زی}{زمو}} زلو \quad \ldots (۴)$$

اب پہر مہ زلازی مین زی کے بنانے کے واسطے لا کو مستقل فرض کرتے ہین یعنی زلا = ۰
اسے معلوم ہوا کہ موافق (۴) کے ہم کو زلو = ۰ کے فرض کرنا چاہیے پس (۲) سے

$$\text{زی} = \frac{\text{زی}}{\text{زمو}}\ \text{زمو} \qquad (5)$$

(۴) اور (۵) سے

$$\text{زلازی} = \left(\frac{\text{زلا}}{\text{زلو}}\frac{\text{زی}}{\text{زمو}} - \frac{\text{زلا}}{\text{زمو}}\frac{\text{زی}}{\text{زلو}}\right)\ \text{زلو زمو}$$

اور مع مع مہ زلازی کی یہہ صورت ہو جائیگی کہ

$$\text{مع مع مہ}\ \left(\frac{\text{زلا}}{\text{زلو}}\frac{\text{زی}}{\text{زمو}} - \frac{\text{زلا}}{\text{زمو}}\frac{\text{زی}}{\text{زمو}}\right)\ \text{زلو زمو}$$

بلحاظ جدید حدود غائی کے ہم یہہ ایک عام ہدایت کر سکتے ہین کہ وہ ایسی ہونی چاہئی کہ جسمین ہر ایک جز ترکیبی داخل ہو جو پہلی حدود غائی کے درمیان داخل تہا

(۲۵۰) علی ہذا القیاس کلی مثلثہ

$$\text{مع مع مع مہ زلازی زے}$$

کی کیفیت ہی اوسمین عمل بہ تفصیل ذیل ہوتا ہے کہ فرض کرو نئے مقادیر متغیر لو اور مو اور می ہوں
زے کے بنانے مین فرض لا اور ی کی مقادیر مستقل خیال کرتے ہین پس

$$\text{زے} = \frac{\text{زے}}{\text{زلو}}\ \text{زلو} + \frac{\text{زے}}{\text{زمو}}\ \text{زمو} + \frac{\text{زے}}{\text{زمی}}\ \text{زمی}$$

$$0 = \frac{\text{زلا}}{\text{زلو}}\ \text{زلو} + \frac{\text{زلا}}{\text{زمو}}\ \text{زمو} + \frac{\text{زلا}}{\text{زمی}}\ \text{زمی}$$

$$0 = \frac{\text{زی}}{\text{زلو}}\ \text{زلو} + \frac{\text{زی}}{\text{زمو}}\ \text{زمو} + \frac{\text{زی}}{\text{زمی}}\ \text{زمی}$$

$$\text{پس زے} = \frac{\text{ن زمی}}{\frac{\text{زلا}}{\text{زلو}}\frac{\text{زی}}{\text{زمو}} - \frac{\text{زلا}}{\text{زمو}}\frac{\text{زی}}{\text{زلو}}} \quad \cdots (1)$$

اسمین ن کی وہی قیمت ہے جو دفعہ ۲۴۷ مین تہی
اب زی کے بنانے مین لا اور ے کو مقادیر مستقل خیال کرتے ہین تو یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

$$\text{زی} = \frac{\text{زی}}{\text{زلو}}\ \text{زلو} + \frac{\text{زی}}{\text{زمو}}\ \text{زمو}$$

$$0 = \frac{\text{زلا}}{\text{زلو}}\ \text{زلو} + \frac{\text{زلا}}{\text{زمو}}\ \text{زمو}$$

اسواسطے ز ی = $\frac{\text{زمی}}{\text{زلا}}\ \frac{\text{زلا}}{\text{زلو}} - \frac{\text{زی}}{\text{زلو}}\ \frac{\text{زلا}}{\text{زمو}}$ زمو . . . . (۲)

اب اخر زلا کے بنانے مین ی اور ے کو مقادیر مستقل فرض کرتے ہین اور بموجب (۱) او (۲) کے می اور مو کو مقادیر مستقل فرض کرتے ہین پس یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

زلا = $\frac{\text{زلا}}{\text{زلو}}$ زلو (۳)

(۱) اور (۲) اور (۳) سے

زلا زی زے = ن زلو زمو زمی

(۲۵۱) اگر کسی طالب علم کو تاریخ اس مضمون کی دریافت کرنی ہو تو اوسکو وہ بہت سے انگریزی کتابون مین دیکھہ سکتا ہے

امثلہ

(۱) ثابت کرو کہ اگر لا = ط جیب بر جیب سر اور ی = ص جم بر جیب سر تو کلی متناقہ مع مع زلا زی کی ہیئت بدل کر

= مع مع ط ص جیب سر جم سر زسر زبر ہوگی

(۲) اگر لا = لو جیب سہ + مو جم سہ اور ی = لو جم سہ - مو جیب سہ تو ثابت کرو کہ

مع مع ح (لا و ط) $\frac{\text{زلا زی}}{\sqrt{(1 - \text{لا}^2 - \text{ی}^2)}}$ = مع مع ح (لو و مو) $\frac{\text{زلو زمو}}{\sqrt{(1 - \text{لو}^2 - \text{مو}^2)}}$

(۳) ثابت کرو کہ

صحیح صحیح مع مع ح (ط^2 لا^2 + ص^2 ی^2) زلا زی = $\frac{\text{کہ}}{\text{۴ ط ص}}$ صحیح مع مع ح (لا) زلا

(۴) مع مع سہ زلا زی کی ہیئت تبدیل کرو اسمین ی = لالو اور لا = $\frac{\text{مو}}{1+\text{لو}}$ حدود غائی ی کی ۰ اور لا اور حدود غائی لا کی ۰ اور ط ہین اور ہیئت بدلی ہوئی کلی مین حدود غائی دریافت کرو

حاصل ابع ط(۱+لو) مع مہ مو (۱ + لو)$^{-2}$ زلو زمو

(۵) مع مع ی$^{-(\text{لا}^2 + 2\text{لا ی جم سہ} + \text{ی}^2)}$ زلا زی کی ہیئت قائم الزاویہ محددین سے

(۱۱) اگر سہ لا = ی سے اور صہ ی = سے لا اور لر سے = لاہ تو ثابت کرو کہ

∴ مع مع مع ح (سر د صہ د ی) زسہ زصہ زلر = ۴ مع مع مع ح (ہے/لا د ے/ی لا د لا/ے) زلا زی زے

(۱۲) مع مع مع مع مہ زلا، زلا۲ زلا۳ زلا۴ کی ہئیت بدلو جسمیں لق دبر دسر اور دھر ہوا اور

لا۱ = لق جیب بر جم سر اور لا۲ = لق جم بر جم ھر

لا۳ = لق جیب بر جیب سر اور لا۴ = لق جم بر جیب ھر

ماحصل مع مع مع مع مہ لق۳ جیب بر جم بر زلق زبر زسر زھر

(۱۳) خطوط منحنی مج (لا دی) = لو اور صج (لا دی) = مو اور خطوط منحنی جو مقادیر مستقلہ لو اور مو کو نہایت ہی چھوٹی زیادتی دینے سے حاصل ہوں ان سب خطوط منحنی کے درمیان جو رقبہ واقع ہو اوسکو دریافت کرو

قریب البیضوی اور اوسکے عرض مستقیم کے اطراف سے جو مماس نکالی جائیں انکے درمیان جو رقبہ واقع ہو اوسکو قریب البیوض کے سلسلہ سے اور خطوط مستقیم کے سلسلہ سے تقسیم کرکے دریافت کرو سلسلہ قریب البیوض ایسا ہو کہ ہر یک قریب البیضوی مماسوں کو مس کرے اور اور سلسلہ خطوط مستقیم مماسوں کے نقطہ تقاطع سے کہینچا جائے

(۱۴) کلی مثلثہ مع مع مع ج (لا د ی د ے) زلا زی زے کی ہئیت ایسی کلی میں تبدیل کرو کہ اوسمیں مقادیر متغیر بے تعلق لی دی دے ہوں اور یہہ معلوم ہو کہ صج (لا د ی د ے د لی) = اور اوپر کی کلی میں لا اور ی اور ے کو لق اور بر اور سر میں تبدیل کرو اور یہہ معلوم ہے کہ صج (لا د ی د ے د لق) = ۰ اور صج (ی د ے د لق د بر) = ۰ اور صج (ے د لق د بر د سر) = ۰

$$\text{ماحصل} - \text{مع مع مع}\ \frac{\dfrac{\text{زصج}}{\text{زلق}}\ \dfrac{\text{زصج}_1}{\text{زبر}}\ \dfrac{\text{زصج}_2}{\text{زسر}}}{\dfrac{\text{دصج}}{\text{دلا}}\ \dfrac{\text{دصج}_1}{\text{دی}}\ \dfrac{\text{دصج}_2}{\text{دے}}}\ \text{ح}_1 (\text{لق د بر د سر})\ \text{زلق زبر زسر}$$

(۱۵) کلی ثنائیہ مع مع زلا زی $\Big/$ $\left[1 + \left(\frac{\text{ز ے}}{\text{زلا}}\right)^2 + \left(\frac{\text{ز ے}}{\text{زی}}\right)^2\right]$ کے

لا اور ی اور ے اس مساوات میں مربوط ہوتے ہیں کہ لا^۲ + ی^۲ + ے^۲ = ۱
اس کلی کی ہیئت ایک ایسی کلی میں تبدیل کرو کہ جسمیں ارقام بر اور سر ہوں اور جنکا ارتباط ان سے ہو

لا = جب سر √(۱ − م^۲ جب^۲ بر)   ی = جم بر جم سر

ے = جب بر √(۱ − ن^۲ جب^۲ سر)   م^۲ + ن^۲ = ۱

اسے ثابت کرو کہ

∫^{π/2} مع ∫^{π/2} مع (م^۲ جم^۲ بر + ن^۲ جم^۲ سر) / (√(۱ − م^۲ جب^۲ بر) √(۱ − ن^۲ جب^۲ سر)) ز بر ز سر = π/۲

(۱۶) کلی مع مع مع ز لا ز ی ز ے کی ہیئت لق اور بر اور سر میں تبدیل کرو اور جسمیں

لا = لق جب سر √(۱ − ن^۲ جب^۲ بر)   ی = لق جم سر جب بر

ے = لق جم بر √(جم^۲ سر + ن^۲ جب^۲ سر)

حاصل مع مع مع لق^۲ [(ن^۲ − ۱) جم^۲ سر − ن^۲ جب^۲ ر] ز لق ز بر ز سر / (√(۱ − ن^۲ جم^۲ بر) √(جم^۲ سر + ن^۲ جب^۲ سر))

(۱۷) مع مع لق^۲/۳ جب بر ز بر ز سر صورت بیانیہ ایک حجم کی ہے اوسی ہیئت محددین قائم الزاویہ میں تبدیل کرو
حاصل ۱/۳ مع مع (ے − ع لا − ق ی) ز لا ز ی اسکے معنی علم ہندسہ کے موافق بیان کرنے چاہیے

(۱۸) اگر لا + ی + ے = لو اور لا + ی = لو مو اور ی = لو مو می تو ثابت کرو کہ
∞ مع ∞ مع ∞ مع مہ ز لا ز ی ز ے = ∞ مع ۱ مع ۱ مع مہ لو^۲ مو ز لو ز مو ز می

(۱۹) اگر لا₁ = لق جم بر₁

لا₂ = لق جب بر₁ جم بر₂

لا₃ = لق جب بر₁ جب بر₂ جم بر₃

لا_{ن−۱} = لق جب بر₁ جب بر₂ ... جب بر_{ن−۲} جم بر_{ن−۱}

لا_ن = لق جب بر₁ جب بر₂ ... جب بر_{ن−۲} جم بر_{ن−۱}

ثابت کرو کہ مع مع ... مہ ز لا₁ ز لا₂ ... ز لا_ن

= ≠ مع مع مع ... مہ لو ن-۱ زلق زبر ۱ زبر ۲ ... زبر ن-۱

اسمین مہ کوئی جملہ لا۱ اور لا۲ ... لان کا ہے اور جب اس جملہ مین مقادیر متغیر تبدیل کیجائین تو وہ مہ بنجاتا ہے اور حصہ قائم مقام

(جب سر۱) ن-۲ (جب سر۲) ن-۳ ... جب سرن-۲ کا ہے

بارہوان باب

کلیات محدود

(۲۵۲) جب کلی غیر محدود کسی جملہ کی معلوم ہوجاے تو فوراً کلی محدود کی قیمت موافق حدود معینہ مقدار متغیر کے حاصل ہو سکتی ہی بعض اوقات ہم خاص ترکیبون سے قیمت کلی محدود تو مقرر کر سکتے ہین مگر کلی غیر محدود کو صورت متناہی مین نہین بیان کر سکتے

بعض اوقات بغیر کلی محدود کے دریافت کرنے کے ہم یہہ بتلا سکتے ہین کہ اوسمین یہہ شرطی خواص ہین یعنے صورتون جنکے اندر کلی غیر محدود جملہ کی دریافت ہو سکتی ہی ایسی ہوتی ہین کہ کلی محدود خاص حدود غائی کے درمیان ایک قیمت ایسی رکہتی ہے کہ وہ ایسی سادہ صورت مین بیان ہوتی ہی کہ طلبہ کو اوسپر متنبہ ہونا چاہئی اس باب مین اس مضمون کی مثالین لکہتی ہین

(۲۵۳) فرض کرو کہ ج (لا) اور ح (لا) جملے جبریہ ناطقہ لا کے ہین ج (لا) ادنے درجہ کا جملہ بہ نسبت ح (لا) کے ہے اور مساوات ح (لا) = ۰ کی کوئی حقیقی جذر نہین ہے اب مطلوب یہہ ہے کہ قیمت

$$\int_{-\infty}^{\infty} \frac{ج(لا)}{ح(لا)}\, ز لا$$

کی دریافت کرین اور اس بات کو ہی دیکہین کہ موافق اوپر کے فرضون کے صورت بیانیہ جسکے کلی نکلتے ہین لا کی حقیقی قیمتون سے غیر متناہی نہین ہوتی۔

فرض کرو کہ ح (لا) = ۰ کی زوج خیالی جذرون کا مہ + صہ √(-۱) اور مہ - صہ √(-۱) ہی تو $\frac{ج(لا)}{ح(لا)}$ جس سلسلہ مین تحلیل ہو سکتی ہی اوسمین درجہ دوم کی کسر متناظر

$$\frac{۲ ا (لا - سہ) + ۲ ب صہ}{(لا - سہ)^۲ + صہ^۲}$$

سے تعبیر ہو سکتی ہے مقادیر مستقل ا اور ب اس مساوات

ا - ب $\sqrt{(-1)}$ = $\frac{ح (سہ + صہ \sqrt{(-1)})}{ﺣ' (سہ + صہ \sqrt{(-1)})}$ سے دریافت ہوتی ہیں دفعہ ۲۱

اب مع $\frac{۲ ب صہ زلا}{(لا - سہ)^۲ + صہ^۲}$ = ۲ ب مس$^{-1}$ $\frac{لا - سہ}{صہ}$

اسواسطے ـــ مع $\frac{۲ ب صہ زلا}{(لا - سہ)^۲ + صہ^۲}$ = ۲ ب کہ

اور نیز ـــ مع $\frac{(لا - سہ) زلا}{(لا - سہ)^۲ + صہ^۲}$ = ـــ مع $\frac{طو زطو}{طو^۲ + صہ^۲}$

اور یہہ ظاہر ہے کہ دوسرے کلی حدود معینہ کے درمیان صفر ہے اسلئے کہ تعداد اً منفی حصہ برابر مثبت حصہ کے ہے پس ۲ ب کہ کلی کے اوس حصہ کو تعبیر کرتا ہے جو موافق زوج خیالی جذروں کے لیا جاسے

پس اگر ﺣ (لا) کو ۲ ن درجہ کا فرض کریں اور ب۱ اور ب۲ . . . ب ن ن ارقام ہوں جنکا نمونہ ب قرار دیا گیا ہے تو یہہ حاصل ہوگا کہ

ـــ مع $\frac{ح (لا)}{ﺣ (لا)}$ زلا = ۲ کہ [ب۱ + ب۲ + . . . + ب ن]

(۲۵۴) دفعہ گذشتہ کی یہہ ایک مثال ہے کہ

ـــ مع $\frac{لا^م زلا}{۱ + لا^{۲ن}}$

پس یہیں م اور ن مثبت صحاح ہیں اور م چھوٹا ن سے ہے یہاں

ا - ب $\sqrt{(-1)}$ = $\frac{۱}{۲ن [سہ + صہ \sqrt{(-1)}]^{۲ن - ۲م - ۱}}$

اور یہہ معلوم ہے کہ قیمتیں سہ + صہ $\sqrt{(-1)}$ کی اس صورت بیانیہ سے حاصل ہو سکتی ہیں کہ جم $\frac{(۲لو + ۱) کہ}{۲ن}$ + $\sqrt{(-1)}$ جب $\frac{(۲لو + ۱) کہ}{۲ن}$

یہاں لو کی متواتر قیمتیں ۰ و ۱ و ۲ . . . ن - ۱ تک علم مثلث مستوی کا ۲۳ باب دیکھو پس موافق ڈی موئور کے ضابطہ کے

[سہ + صہ $\sqrt{(-1)}$]$^{۲ن - ۲م - ۱}$ = جم سر + $\sqrt{(-1)}$ جب سر

$$\text{سر} = (\text{۲ن} - \text{۲م} - \text{۱})\frac{(\text{۲لق}+\text{۱})\text{که}}{\text{۲ن}} = (\text{۲لق}+\text{۱})\text{ک} - (\text{۲لق}+\text{۱})\frac{(\text{۲م}+\text{۱})\text{ک}}{\text{۲ن}}$$

پس

$$\text{جم سر} + \sqrt{(-\text{۱})}\ \text{جب سر} = -\text{جم}(\text{۲لق}+\text{۱})\text{بر} + \sqrt{(-\text{۱})}\ \text{جب}(\text{۲لق}+\text{۱})\text{بر}$$

اسمین $\text{بر} = \frac{\text{۲م}+\text{۱}}{\text{۲ن}}\text{که}$

اسسے معلوم ہوا کہ

$$\text{ا} - \text{ب}\sqrt{(-\text{۱})} = \frac{\text{۱}}{\text{۲ن}}\left\{-\text{جم}(\text{۲لق}+\text{۱})\text{بر} + \sqrt{(-\text{۱})}\ \text{جب}(\text{۲لق}+\text{۱})\text{بر}\right\}$$

$$= -\frac{\text{جم}(\text{۲لق}+\text{۱})\text{بر} + \sqrt{(-\text{۱})}\ \text{جب}(\text{۲لق}+\text{۱})\text{بر}}{\text{۲ن}}$$

اسواسطے $\text{ب} = \frac{\text{جب}(\text{۲لق}+\text{۱})\text{بر}}{\text{۲ن}}$

اسسے معلوم ہوا کہ

$$\int_{-\infty}^{\infty} \frac{\text{لا}^{\text{۲م}}}{\text{۱}+\text{لا}^{\text{۲ن}}} = \frac{\text{که}}{\text{ن}}\left[\text{جب بر} + \text{جب ۳بر} + \text{جب ۵بر} + \cdots + \text{جب}(\text{۲ن}-\text{۱})\text{بر}\right]$$

علم مثلث مستوی کے ۲۲ باب کے موافق مجموعہ اس سلسلہ جیوب کا برابر $\frac{\text{جب}^{\text{۲}}\text{ن بر}}{\text{جب بر}}$ کے ثابت ہوسکتا ہے بالفعل اس صورت مین $\text{بر} = \frac{\text{۲م}+\text{۱}}{\text{۲ن}}\text{که}$ اور $\text{جب}^{\text{۲}}\text{ن بر} = \text{۱}$ اسواسطے

$$\int_{-\infty}^{\infty} \frac{\text{لا}^{\text{۲م}}\ \text{ئلا}}{\text{۱}+\text{لا}^{\text{۲ن}}} = \frac{\text{که}}{\text{ن جب}\frac{\text{۲م}+\text{۱}}{\text{۲ن}}\text{که}}$$

یہہ ظاہر ہے کہ $\int_{0}^{\infty} \frac{\text{لا}^{\text{۲م}}\ \text{ئلا}}{\text{۱}+\text{لا}^{\text{۲ن}}}$ اوپر کے نتیجہ کا نصف ہے یعنے

$$\int_{0}^{\infty} \frac{\text{لا}^{\text{۲م}}\ \text{ئلا}}{\text{۱}+\text{لا}^{\text{۲ن}}} = \frac{\text{که}}{\text{۲ن جب}\frac{\text{۲م}+\text{۱}}{\text{۲ن}}\text{که}}$$

(۲۵۵) دفعہ گذشتہ کی اخر صورت قانونیہ مین $\text{لا}^{\text{۲ن}} = \text{ی}$ رکھو اور فرض کرو کہ $\frac{\text{۲م}+\text{۱}}{\text{۲ن}} = \text{ک}$ تو یہہ حاصل ہوگا کہ

$$\int_{0}^{\infty} \frac{\text{ی}^{\text{ک}-\text{۱}}\ \text{ئی}}{\text{۱}+\text{ی}} = \frac{\text{که}}{\text{جب ک که}} \quad \cdots\cdots \ (\text{۱})$$

یہہ نتیجہ اون سب صورتون مین مستحکم ہے کہ ک کی قیمت ۰ اور ۱ کے درمیان ہو اسواسطے کہ مثبت صحاح م اور ن کے واسطے صرف یہہ قید ہے کہ م چھوٹا ن سے ہو اور اسواسطے م اور ن کو مناسب طور پر منتخب کرکے $\frac{\text{۲م}+\text{۱}}{\text{۲ن}}$ کو برابر کسی معین کسر واجب کے جسکا نسبتاً

جفت حالت اختصار میں ہو کر سکتے ہیں اگرچہ ہم $\frac{۲م+۱}{۲ن}$ کو کسی کسر و جیب کے برابر جسکا نسب نما طاق
حالت اختصار میں ہو ٹھیک ٹھیک نہیں کر سکتے مگر ہم اوسکو ایسا بنا سکتے ہیں کہ
وہ اس کسر سے ایسا کم فرق رکھے جتنا ہم چاہیں پس اسی استخراج نتیجہ مطلوب کا ہو جائیگا
آخر نتیجہ میں لا^{د} کو بجای ی کے رکھو اہمیں د کوئی مثبت مقدار ہے پس

$$\int_0^\infty \frac{\text{د}\,\text{لا}^{\text{دک}-\text{د}}\,\text{لا}^{\text{د}-۱}\,\text{زلا}}{۱+\text{لا}^{\text{د}}} = \frac{\text{کہ}}{\text{جب ک کہ}}$$

یعنی
$$\int_0^\infty \frac{\text{لا}^{\text{دک}-۱}\,\text{زلا}}{۱+\text{لا}^{\text{د}}} = \frac{\text{کہ}}{\text{د جب ک کہ}}$$

فرض کرو کہ ک د = صو تو
$$\int_0^\infty \frac{\text{لا}^{\text{صو}-۱}\,\text{زلا}}{۱+\text{لا}^{\text{د}}} = \frac{\text{کہ}}{\text{د جب}\frac{\text{صو}}{\text{د}}\text{کہ}}$$

مثبت مقادیر صو اور د کے لئے فقط یہہ قید ہی ہی کہ صو چھوٹا د سے ہو
طالب علم کو غالباً کوئی بڑی دقت اس ترکیب میں نہیں معلوم ہوئی ہوگی جیسے کہ مساوات (۱) کی
صداقت اوس حالت میں ثابت ہوئی کہ ک ایک کسر ایسی ہو جسکا نسب نما طاق حالت اختصار میں ہو
باوجود اس بات کے ہم کو مناسب معلوم ہوتا ہے کہ چند باتیں ایسی لکھیں کہ جیسے ہمارے دعوے کا اثبات
قطعی ہو اور اوسے مشق بہی خوب اس باب کے مضامین میں طلبہ کو ہو جاے

فرض کرو کہ
$$\text{لو} = \int_0^\infty \frac{\text{ی}^{\text{ک}-۱}\,\text{زی}}{۱+\text{ی}}$$

$$\text{لو} = \int_0^1 \frac{\text{ی}^{\text{ک}-۱}\,\text{زی}}{۱+\text{ی}} + \int_1^\infty \frac{\text{ی}^{\text{ک}-۱}\,\text{زی}}{۱+\text{ی}}$$

ی کے $\frac{۱}{\text{ے}}$ رکھو تو یہہ دریافت ہوگا کہ

$$\int_1^\infty \frac{\text{ی}^{\text{ک}-۱}\,\text{زی}}{۱+\text{ی}} = \int_0^1 \frac{\text{ے}^{-\text{ک}}\,\text{زے}}{۱+\text{ے}}$$ پس

$$\text{لو} = \int_0^1 \frac{\text{ی}^{\text{ک}-۱}+\text{ی}^{-\text{ک}}}{۱+\text{ی}}\,\text{زی}$$

اسواسطے
$$\frac{\text{زلو}}{\text{زک}} = \int_0^1 \frac{\text{لوک ی}}{۱+\text{ی}}\left(\text{ی}^{\text{ک}-۱}-\text{ی}^{-\text{ک}}\right)\text{زی} \quad . \; . \; . \; (۲)$$

مساوات (۲) سے ثابت ہوتا ہے کہ ی کے حدود غائی ۰ اور ۱ کے درمیان تہ لیجی منفی ہے اگر
$\text{ی}^{\text{ک}-۱}-\text{ی}^{-\text{ک}}$ بالاستقلال مثبت ہے اور مثبت ہی اگر $\text{ی}^{\text{ک}-۱}-\text{ی}^{-\text{ک}}$ بالاستقلال منفی ہی
اسے معلوم ہوا کہ تہ لیجی منفی ہے

اگر ک چھوٹا $\frac{1}{2}$ سے ہے اور مثبت ہی اگر ک بڑا $\frac{1}{2}$ سے ہے پس لو گھٹتا ہی جب ک
سے $\frac{1}{2}$ تک بڑھتا ہے اور لو بڑھتا ہی جب ک زیادہ $\frac{1}{2}$ سے انک ہوتا ہے
اب فرض کرو کہ $\frac{س}{ص}$ کسی کسر کو اوسکی حالت اختصار مین تعبیر کرتا ہی اور جسمین س
طاق صحیح عدد ہی اور ع کوئی بہت صحیح ہو اور فرض کرو کہ
$ک_1 = \frac{ع س - 1}{ع ص}$ اور $ک_3 = \frac{ع س + 1}{ع ص}$ اور $ک_2$ تعبیر $\frac{س}{ص}$ کو کرتا ہے اور
فرض کرو کہ $\sum \frac{ک^{1-}}{1+ ...}$ کی قیمتوں کو جب ک کے جگہ $ک_1$ اور $ک_2$ اور $ک_3$ مندرج
کرین $لو_1$ اور $لو_2$ اور $لو_3$ تعبیر کرتے ہین تو بموجب مساوات (۱) کے

$$لو_1 = \frac{ک}{جب\ ک_1 ک} \quad \text{اور} \quad لو_3 = \frac{ک}{جب\ ک_3 ک}$$

اب ہم ج اتنا بڑا مقرر کرتے ہین کہ $ک_1$ اور $ک_3$ دونو بڑی یا دونو چھوٹے $\frac{1}{2}$ سے ہون
اور پھر مساوات (۲) سے نیچہ استخراج کرکے یہہ نتیجہ پیدا کرتے ہین کہ
$لو_2$ تعداد درمیان $لو_1$ اور $لو_3$ کے واقع ہو پس $لو_2$ اپنا فرق $لو_1$ یا $لو_3$ سے اتنا
رکھہ سکتا ہے جتنا کہ فرق $لو_1$ اور $لو_3$ کے درمیان ہی اور اسلئی بدرجہ اولی $لو_2$ فرق
$\frac{ک}{جب\ ک_2 ک}$ سے اتنا نہین رکھہ سکتا جیسا کہ $لو_1$ فرق $لو_3$ سے رکھتا ہے
اسے معلوم ہوا کہ ج کو غیر محدود زیادہ کرنے سے اخر کو $لو_2 = \frac{ک}{جب\ ک_2 ک}$ ہوگا

یولر کی کلیات

(۲۵۶) کلی محدود

$$\sum لا^{ل-1} (1 - لا^{م})^{-1}\ ز لا$$

کو اول کلی یولر کی کہتے ہین اور اوسکو رمز ب (ل، م) سے تعبیر کرتی ہین اور اسکو بہی
بے کا جملہ بہی کہتے ہین

کلی محدود

$$\sum ی^{لا} لا^{ل-1}\ ز لا$$

کو دوم کلی یولر کی کہتے ہین اور اوسکو رمز جیم (ن) سے تعبیر کرتے ہین

اس کلی کو کبہی جیم کی کلی بہی کہتے ہین

اب ہم بعض خواص ان کلیات کی بیان کرتے ہین اور ان کلیات مین ل ا ور م اور ن مثبت مقادیر مستقلہ فرض کی گئی ہین

(۲۵۷) یولر کی اول کلی مین لا = ۱ ـ سے رکہو تو

$$\text{ا}\int \text{لا}^{\text{ل}-1}(1-\text{لا})^{\text{م}-1}\,\text{ز لا} = \text{ا}\int \text{سے}^{\text{م}-1}(1-\text{سے})^{\text{ل}-1}\,\text{ز سے}$$

اسسے معلوم ہوا کہ ل اور م مین تبادل ہو سکتا ہے اور اوسی لحیہ کلی کی قیمت مین فرق نہین آتا یعنے

$$\text{ب}(\text{ل و م}) = \text{ب}(\text{م و ل})$$

اب یولر کی اول کلی مین لا = $\frac{\text{ی}}{1+\text{ی}}$ کے رکہو تو

$$\text{ا}\int \text{لا}^{\text{ل}-1}(1-\text{لا})^{\text{م}-1}\,\text{ز لا} = \int_{0}^{\infty} \frac{\text{ی}^{\text{ل}-1}\,\text{ز ی}}{(1+\text{ی})^{\text{ل}+\text{م}}}$$

اور اسے کلی مین لا = $\frac{1}{1+\text{ی}}$ رکہو تو

$$\text{ا}\int \text{لا}^{\text{ل}-1}(1-\text{لا})^{\text{م}-1}\,\text{ز لا} = \int_{0}^{\infty} \frac{\text{ی}^{\text{م}-1}\,\text{ز ی}}{(1+\text{ی})^{\text{ل}+\text{م}}}$$

(۲۵۸) فرض کرو کہ $\text{ی}^{\text{لا}}$ = ی پس لا = لوگ $\frac{1}{\text{ی}}$ تو یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

$$\int_{0}^{\infty} \text{ی}^{-\text{لا}}\,\text{لا}^{\text{ن}-1}\,\text{ز لا} = \text{ا}\int \left(\text{لوگ}\,\frac{1}{\text{ی}}\right)^{\text{ن}-1}\text{ز ی}$$

اسسے ایک اور صورت جیم (ن) کی حاصل ہوتی ہے

(۲۵۹) کلی بالاجزا سے یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

$$\int \text{ی}^{-\text{لا}}\,\text{لا}^{\text{ن}}\,\text{ز لا} = -\text{ی}^{-\text{لا}}\,\text{لا}^{\text{ن}} + \text{ن}\int \text{ی}^{-\text{لا}}\,\text{لا}^{\text{ن}-1}\,\text{ز لا}$$

اور $\text{ی}^{-\text{لا}}\,\text{لا}^{\text{ن}}$ معدوم ہوتی ہی جب لا = ۰ اور نیز جب لا = ∞ (علم حساب الجزئیات کی دفعہ ۱۵۲ دیکہو) پس

$$\int_{0}^{\infty} \text{ی}^{-\text{لا}}\,\text{لا}^{\text{ن}}\,\text{ز لا} = \text{ن}\int_{0}^{\infty} \text{ی}^{-\text{لا}}\,\text{لا}^{\text{ن}-1}\,\text{ز لا}$$

یعنی جیم (ن + ۱) = ن جیم (ن)

چونکہ $\int \text{ی}^{-\text{لا}}\,\text{ز لا} = -\text{ی}^{-\text{لا}}$ تو اسی سے یہہ حاصل ہوتا کہ $\int_{0}^{\infty} \text{ی}^{-\text{لا}}\,\text{ز لا} = 1$ یعنی

جیم (ا) = ا . . . (۲)

(ا) اور (۲) سے ہم دیکھتے اگر ک کوئی صحیح ہو تو

جیم (ل + ا) = لـ

جب ن صحیح عدد نہ ہو تو مساوات (ا) کو مکرر کام مین لاؤ تو قیمت جیم (ن) جب ل بڑا بہ نسبت واحد کے ہو موقوف جیم (م) پر ہو سکتا ہے اسمین م چھوٹا بہ نسبت واحد کے ہے

(۲۶۰) ک لا = ے کے فرض کرنے سے ہم کو یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

صمع ی^{-ک لا} لا^{ن-۱} ر لا = ا/ک^ن صمع ی^{-ے} ے^{ن-۱} ر ے = جیم (ن)/ک^ن

(۲۶۱) اب ہم ایک مساوات عظیم ثابت کرتے ہین جیسی کہ یولر کی دونو کلیات اول اور دوم باہم مربوط ہوتے ہین

کلی ثنائی صمع صمع لا^{ل+م-۱} ک^{م-۱} ی^{-(ا+ک)لا} ر ک ر لا کی کلی اول بلحاظ لا کے لو تو ہم کو بموجب دفعہ ۲۶۰ کے یہہ حاصل ہوگا کہ

جیم (ل + م) صمع ک^{م-۱} ر ک / (ا + ک)^{ل+م}

اب پھر اسے کلی ثنائی کی اول بلحاظ ک کے کلی لو تو یہہ حاصل ہوگا کہ

جیم (م) صمع ی^{-لا} لا^{ل+م-۱} / لا^م ر لا

یعنی جیم (م) صمع ی^{-لا} لا^{ل-۱} ر لا

یعنی جیم (م) جیم (ل)

اسے معلوم ہوا کہ صمع ک^{م-۱} ر ک / (ا+ک)^{ل+م} = جیم (ل) جیم (م) / جیم (ل + م)

اسے معلوم ہوا کہ بموجب دفعہ ۲۵۷ کے

ب (ل و م) = جیم (ل) جیم (م) / جیم (ل + م)

(۲۶۲) دفعہ گذشتہ کے نتیجہ مین فرض کرو کہ ل + م = ا پس اگر م چھوٹا بہ نسبت واحد کے ہو تو

صمع ک^{م-۱} ر ک / (ا + ک) = جیم (م) جیم (ا - م)

چونکہ جیم (ا) = ا اسی معلوم ہوا کہ اگر م چھوٹا بہ نسبت واحد کے ہو تو

بحکم دفعہ ۲۵۵ کے

جیم (م) جیم (۱ − م) = کہ / جیب م کہ

(۲۶۳) م = $\frac{۱}{۲}$ آخر نتیجہ مین رکھو تو

جیم ($\frac{۱}{۲}$) جیم ($\frac{۱}{۲}$) = کہ

اسواسطے جیم ($\frac{۱}{۲}$) = √کہ

بتغیر دفعہ ۲۵۵ کے ہم کو یہ حاصل ہے کہ

[جیم ($\frac{۱}{۲}$)]^{۲} = ∫ ی$^{\frac{۱}{۲}-۱}$ زی / (۱ + ی) = ۲ ∫ زلا / (۱ + لا^{۲}) = ۲ × کہ/۲ = کہ

اسواسطے جیم ($\frac{۱}{۲}$) = √کہ

اب ایک اور ثبوت آخر نتیجہ کا لکھتے ہین

فرض کرو کہ لو = ∫ ی$^{-لا^{۲}}$ زلا تو یہہ ظاہر ہے کہ لو یہی

= ∫ ی$^{-ی^{۲}}$ زی

پس لو^{۲} = ∫ ی$^{-لا^{۲}}$ زلا × ∫ ی$^{-ی^{۲}}$ زی

= ∫ ∫ ی$^{-لا^{۲}-ی^{۲}}$ زلا زی بموجب دفعہ ۴۶ کے

اور دفعہ ۲۰۴ مین ثابت ہوا کہ کل تثناۃ

= $\frac{۱}{۴}$ ۲کہ ∫ ی$^{-لو^{۲}}$ لو زبر زلق = کہ/۴

اسواسطے لو = √کہ / ۲

اب جیم ($\frac{۱}{۲}$) = ∫ ی$^{-لا}$ لا$^{-\frac{۱}{۲}}$ زلا اسمین لا = ی^{۲} کے رکھو تو

جیم ($\frac{۱}{۲}$) = ۲ ∫ ی$^{-ی^{۲}}$ زی = ۲ لو = √کہ

(۲۶۴) اب ہم ایک صورت بیانیہ جیم (ں) کی لکھینگے جسے ایک اور اثبات دفعہ ۲۶۲ کے نتیجہ کا ہوگا ہم کو معلوم ہے کہ حد غائی (لا^{ھ} − ۱)/ھ کی اوس حالت مین کہ ھ غیر محدود کم ہو لوگ لا ہے اسسے معلوم ہوا کہ

$$(\text{لوک} \frac{1}{\text{لا}})^{\text{ں}-1} = \text{حد غائی} \left(\frac{1-\text{لا}^{\text{ھ}}}{\text{ھ}}\right)^{\text{ں}-1}$$

پس ہم یہہ لکھہ سکتے ہیں کہ

$$(\text{لوک} \frac{1}{\text{لا}})^{\text{ں}-1} = \left(\frac{1-\text{لا}^{\text{ھ}}}{\text{ھ}}\right)^{\text{ں}-1} + \text{ی}$$

اسمیں ی ایسی مقدار ہے جو غیر متناہی کم ہوتی ہے جب ھ غیر متناہی کم ہو

ھ $= \frac{1}{\text{د}}$ کے رکہو تو بموجب دفعہ ۲۵۸ کے

$$\text{جیم}(\text{ں}) = \text{د}^{\text{ں}-1} \int (1-\text{لا}^{\frac{1}{\text{د}}})^{\text{ں}-1} \text{ز لا} + \int \text{ی ز لا}$$

اول کلی میں لا = ے^د رکہو تو

$$\text{جیم}(\text{ق}) - \int \text{ی ز لا} = \int \text{ے}^{\text{د}-1} (1-\text{ے})^{\text{ں}-1} \text{زے}$$

یہہ ہمارے اختیار میں ہے کہ د کو ایک صحیح عدد مقرر کریں تو بائیں طرف کلی کے دفعہ ۲۳۳ میں

$$\frac{1 \times 2 \times 3 \ldots \text{د}}{\text{ں}(\text{ں}+1) \ldots (\text{ں}+\text{د}-1)} \text{د}^{\text{ں}-1}$$

اگر د غیر متناہی زیادہ ہو تو ی معدوم ہوتا ہے اور ہم کو یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

$$\text{جیم}(\text{ں}) = \text{حد غائی} \frac{1 \times 2 \times 3 \ldots \text{د}}{\text{ں}(\text{ں}+1) \ldots (\text{ں}+\text{د}-1)} \text{د}^{\text{ں}-1}$$

(۲۶۵) دفعہ گذشتہ کے نتیجہ سے ہم کو یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

$$\frac{[\text{جیم}(\text{ں})]^2}{\text{جیم}(\text{ں}-\text{م})\,\text{جیم}(\text{ں}+\text{م})} = \left[1-\frac{\text{م}^2}{\text{ں}^2}\right]\left[1-\frac{\text{م}^2}{(\text{ں}+1)^2}\right]\left[1-\frac{\text{م}^2}{(\text{ں}+2)^2}\right] \ldots$$

ایک خاص صورت اسطرح بہی حاصل ہوسکتی ہے کہ ں = ۱ کے فرض کریں تو

$$\frac{1}{\text{جیم}(1-\text{م})\,\text{جیم}(1+\text{م})} = \left(1-\frac{\text{م}^2}{1^2}\right)\left(1-\frac{\text{م}^2}{2^2}\right)\left(1-\frac{\text{م}^2}{3^2}\right) \ldots$$

صورت بیانیہ بائیں طرف کی برابر $\frac{\text{جیب م کہ}}{\text{م کہ}}$ کے ہے علم مثلث ستوی کا ۲۳ باب دیکہو پس

$$\text{جیم}(1-\text{م})\,\text{جیم}(1+\text{م}) = \frac{\text{م کہ}}{\text{جیب م کہ}}$$

اسواسطے $\text{جیم}(\text{م})\,\text{جیم}(1-\text{م}) = \frac{\text{کہ}}{\text{جیب م کہ}}$ .. (دفعہ ۲۵۹)

(۲۶۶) اب ہم یہہ مساوات قائم کرینگے ں صحیح عدد ہے کہ

$$\text{جیم}\left(\frac{1}{\text{ں}}\right)\text{جیم}\left(\frac{2}{\text{ں}}\right)\text{جیم}\left(\frac{3}{\text{ں}}\right) \ldots \text{جیم}\left(\frac{\text{ں}-1}{\text{ں}}\right) = (2\text{کہ})^{\frac{\text{ں}-1}{2}} \text{ں}^{-\frac{1}{2}}$$

اول فرض کرو کہ ن طاق ہو دفعہ ۲۶۲ مین م کی جگہ متواتر $\frac{۱}{ن}$ و $\frac{۲}{ن}$ و $\frac{۳}{ن}$ ... کو $\frac{ن-۱}{۲ن}$ تک رکھو اور ضرب دو تو

$$جیم\left(\frac{۱}{ن}\right) جیم\left(\frac{۲}{ن}\right) جیم\left(\frac{۳}{ن}\right) \cdots جیم\left(\frac{ن-۱}{ن}\right) = \frac{کہ^{\frac{ن-۱}{۲}}}{حب\ \frac{۱}{ن}کہ\ حب\ \frac{۲}{ن}کہ \cdots حب\ \frac{ن-۱}{۲ن}کہ}$$

$$= (۲کہ)^{\frac{ن-۱}{۲}}\ ن^{-\frac{۱}{۲}}$$ علم مثلث کا ۲۳ باب دیکھو

دوم فرض کرو کہ ن جفت ہی اس صورت مین م کی جگہ متواتر $\frac{۱}{ن}$ و $\frac{۲}{ن}$ ... $\frac{ن-۲}{۲ن}$ تک رکھو اور موافق سابق کے حاصل ضرب بناؤ اور دائین طرف کی رکن کو جیم $(\frac{۱}{۲})$ مین اور بائین طرف کی رکن کو $\frac{۱}{۲}$ کہ مین ضرب دو تو موافق سابق کے نتیجہ حاصل ہوگا

(۲۶۷) تمام صورت قانونیہ یہہ ہے کہ

$$جیم(لا)\ جیم\left(لا+\frac{۱}{ن}\right) جیم\left(لا+\frac{۲}{ن}\right) \cdots جیم\left(لا+\frac{ن-۱}{ن}\right)$$
$$= جیم(ن\ لا)\ (۲کہ)^{\frac{ن-۱}{۲}}\ ن^{\frac{۱}{۲}-ن\ لا}$$

جسکو اب ہم ثابت کرتے ہین فرض کرو کہ مج (لا)

$$\frac{ن^{ن\ لا}\ جیم(لا)\ جیم\left(لا+\frac{۱}{ن}\right) \cdots جیم\left(لا+\frac{ن-۱}{ن}\right)}{ن\ جیم(ن\ لا)}$$

کو تعبیر کرتا ہے تو ہم کو یہہ ثابت کرنا ہے کہ $مج(لا) = (۲کہ)^{\frac{ن-۱}{۲}}\ ن^{\frac{۱}{۲}}$

ہم کو یہہ حاصل ہے کہ

$$مج(لا+۱) = \frac{ن^{ن\ لا+ن}\ جیم(لا+۱)\ جیم\left(لا+۱+\frac{۱}{ن}\right) \cdots جیم\left(لا+۱+\frac{ن-۱}{ن}\right)}{ن\ جیم(ن\ لا+ن)}$$

$$= \frac{ن^{ن}\ لا\left(لا+\frac{۱}{ن}\right)\left(لا+\frac{۲}{ن}\right) \cdots \left(لا+\frac{ن-۱}{ن}\right)}{(ن\ لا+ن-۱)(ن\ لا+ن-۲) \cdots ن\ لا}\ مج(لا)$$

$$= مج(لا)$$

علی ہذا القیاس مج (لا + ۲) = مج (لا + ۱) = مج (لا) اور اسیطرح عمل کرنے سے ہم کو یہہ حاصل ہوگا کہ

$$مج(لا) = مج(لا+م)$$

اسمین م جتنا چاہین بڑا ہو سکتا اسے معلوم ہوا کہ مج (لا) برابر حد غائی مج (لب) کے اوس حال مین ہے کہ لب غیر متناہی ہو پس مج (لا) بے تعلق لا سے ہو یعنی اوسکی ایک ہی قیمت ہے

خواہ لا کچھ ہی ہو اسی معلوم ہوا کہ جب $لا = \frac{۱}{ن}$ کے ہو تو

مج (لا) کے وہی قیمت ہوگی پس دفعہ گذشتہ سے مسئلہ کا استخراج ہوتا ہے اس مسئلہ کا نام گاس کا مسئلہ ہے

(۲۶۸) جو دفعہ گذشتہ میں صورت قانونیہ قائم ہوئی ہے اوسکی طرفین کے لوکارتم اور جزری بلحاظ لا کے لو تو

$$\frac{ن\,جیم'(ن\,لا)}{جیم\,(ن\,لا)} = \frac{جیم'(لا)}{جیم\,(لا)} + \frac{جیم'(لا + \frac{۱}{ن})}{جیم\,(لا + \frac{۱}{ن})} + \ldots + \frac{جیم'(لا + \frac{ن-۱}{ن})}{جیم\,(لا + \frac{ن-۱}{ن})}$$

$+ ن\,لوک\,ن \ldots (۱)$

اسمیں جیم' (طو) بجائے $\frac{ز\,جیم\,(طو)}{ز\,طو}$ کے قائم ہوتا ہے

پھر جزری لو اور ں لا کے جگہ ے رکھو تو یہ حاصل ہوگا

$$\frac{ز^۲}{رے^۲}\,لوک\,جیم\,(ے) = \frac{۱}{ن^۲}\left[\frac{ز^۲\,لوک\,جیم\,(لا)}{ز\,لا^۲} + \frac{ز^۲\,لوک\,جیم\,(لا + \frac{۱}{ن})}{ز\,لا^۲}\right.$$

$$\left. + \frac{ز^۲\,لوک\,جیم\,(لا + \frac{ن-۱}{ن})}{ز\,لا^۲}\right\}$$

اگر ں غیر متناہی بنایا جاے تو بائیں طرف معدوم ہو جاتی ہی اسواسطے کہ وہ آخر کو

$\frac{۱}{ن}\ \overset{لا + ۱}{\underset{لا}{مع}}\ \frac{ز^۲\,لوک\,جیم\,(لا)}{ز\,لا^۲}\ ز\,لا$

یعنی $\frac{۱}{ن}\left[\frac{ز\,لوک\,جیم\,(لا + ۱)}{ز\,لا} - \frac{ز\,لوک\,جیم\,(لا)}{ز\,لا}\right]$

اسسے ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ اگر ے غیر متناہی ہو تو $\frac{ز^۲\,لوک\,جیم\,(ے)}{رے^۲}$ معدوم ہوتا ہے

اب $جیم\,(لا) = \frac{جیم\,(لا + ۱)}{لا} = \frac{جیم\,(لا + ۲)}{لا\,(لا + ۱)} = \frac{جیم\,(لا + ۳)}{لا\,(لا + ۱)(لا + ۲)}$

لوکارتم لو اور دو مرتبہ جزری بلحاظ لا کے لو تو

$$\frac{ز^۲\,لوک\,جیم\,(لا)}{ز\,لا^۲} = \frac{۱}{لا^۲} + \frac{۱}{(لا + ۱)^۲} + \frac{۱}{(لا + ۲)^۲} + \ldots \text{غیر متناہی}\ (۲)$$

لا کے ہر مثبت قیمت کے موافق سلسلہ الضافی ہے

جاود غائی ۱ اور لا کے درمیان کلی لو تو

$$\frac{ز\,لوک\,جیم\,(لا)}{ز\,لا} + س = (۱ - \frac{۱}{لا}) + (\frac{۱}{۲} - \frac{۱}{لا + ۱})$$

$$+ (\frac{۱}{۳} - \frac{۱}{لا + ۲}) + \ldots (۳)$$

اسمین $\int$ لوک جیم (لا) کے بجگہ جب لا = ا کے ہو ـ س قائم ہوتا ہے
زلا

سلسلہ جسکی ن ویں رقم $\frac{1}{ن}$ ـ $\frac{1}{ن + لا - ١}$ ہی موافق لا کے ہر مثبت قیمت کے

انضمامی ہی کیونکہ ہم اس امر واقعی سے یہہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ وہ سلسلہ اسطرح پیدا ہوتا ہے

کہ سلسلہ انضمامی جسکے تمام رقمیں ایک ہی علامت رکہتی ہیں کلی حدود غائی تناہی کے درمیان لی گئی

یا سلسلہ کا انضمامی ہونا اس امر واقعی سے ستنبط کرو کہ رقم عام $\frac{لا - ١}{ن (ن + لا - ١)}$ ہی

اور وہ کم بہ نسبت $\frac{لا - ١}{(ن - ١)^٢}$ کے پس سلسلہ تعداداً چہوٹا بہ نسبت ایک اور سلسلہ

کے ہوا جسکا انضمامی ہونا ہم کو معلوم ہے

مقدار س کو یولر کی مقدار مستقلہ کہتے ہیں وہ طرح طرح کی سورتین اپنے دکہاتی ہے

وہ اوپر اس صورت ـ $\frac{جیمَ (١)}{جیم (١)}$ یعنی ـ جیمَ (١) کے صورت مین نمودار ہوئی ہے

اب جیم (ن) = $\int$ ی$^{-لا}$ لا$^{ن-١}$ زلا اسواسطے ہم کو یہہ حاصل ہوتا ہے

کہ جیمَ (ن) = $\int$ ی$^{-لا}$ لا$^{ن-١}$ لوک لا زلا اور

جیمَ (١) = $\int$ ی$^{-لا}$ لوگ لا زلا

پہر (١) مین فرض کرو کہ لا = ا تو

$$\frac{جیمَ (ن)}{جیم (ن)} - لوک ن = \frac{1}{ن} \left\{ \frac{جیمَ (١)}{جیم (١)} + \frac{جیمَ (١ + \frac{1}{ن})}{جیم (١ + \frac{1}{ن})} + \cdots + \frac{جیمَ (١ + \frac{ن-١}{ن})}{جیم (١ + \frac{ن-١}{ن})} \right\}$$

ن غیر متناہی زیادہ کرو تو بائین طرف کا رکن ایک خاص کلی یعنی $\int_1^2$ $\frac{}{زلا}$ لوک جیم (لا) زلا

یعنی لوک (۲) ـ لوک جیم (١) یعنی صفر ہو جائیگی

اسے معلوم ہوا کہ حد غائی $\frac{جیمَ (ن)}{جیم (ن)}$ ـ لوک ن کی جب ن غیر متناہی ہو صفر ہے

(۳) مین فرض کرو کہ لا غیر متناہی تو جو نتیجہ اسی نکالا ہے اوسکی استعانت سے ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ

جب ن غیر متناہی ہو تو س برابر حد غائی

$$١ + \frac{1}{٢} + \frac{1}{٣} + \frac{1}{٤} \cdots + \frac{1}{ن} - لوک ن$$ کے ہے

موافق اصول کے یہہ ثابت ہو سکتا ہے کہ یہہ حد غائی تمنای ہی جبر مقابلہ کا ۵ ۴ باب ۱۲ مثال دیکھا

قیمت س کے اعشاریہ کے دس مرتبہ تک ۰،۵۷۷۲۱۵۶۶۴۹ ہے

حساب اسکا پچاس مرتبہ کے اعشاریہ تک شینکس صاحب نے کیا ہے

(۲۶۹) مساوات (۲) دفعہ گذشتہ میں لا کو لا + ۱ سے تبدیل کرو تو

$$\frac{ز^{2}\,\text{لوک جیم}\,(۱+لا)}{ز\,لا^{2}} = \frac{1}{(لا+۱)^{2}} + \frac{1}{(لا+۲)^{2}} + \frac{1}{(لا+۳)^{2}} + \dots$$

ن − ۲ دفعہ جزئی لو تو

$$\frac{ز^{ن}\,\text{لوک جیم}\,(۱+لا)}{ز\,لا^{ن}} = \underline{ن-۱}\,(-۱)^{ن} \left[\frac{1}{(لا+۱)^{ن}} + \frac{1}{(لا+۲)^{ن}} + \frac{1}{(لا+۳)^{ن}} + \dots \right]$$

فرض کرو کہ صن سلسلہ لانہایت $۱ + \frac{1}{۲^{ن}} + \frac{1}{۳^{ن}} + \dots$ کو تعبیر کرتا ہے

تو اگر ن چھوٹا ۲ سے نہ ہو تو قیمت $\frac{ز^{ن}\,\text{لوک جیم}\,(۱+لا)}{ز\,لا^{ن}}$ کی

$\underline{ن-۱}\,(-۱)^{ن}$ صن ہی جب کہ لا = ۰

ورنیز قیمت $\frac{ز\,\text{لوک جیم}\,(۱+لا)}{ز\,لا}$ کی − س ہو گی جب کہ لا = ۰

اسسے معلوم ہوا کہ موافق ضابطہ میک لارن صاحب کے

$$\text{لوک جیم}\,(۱+لا) = -س\,لا + \frac{ص_{۲}\,لا^{2}}{۲} - \frac{ص_{۳}\,لا^{3}}{۳} + \frac{ص_{۴}\,لا^{4}}{۴} - \dots$$

خاصیت کو دفعہ ۲۵۹ کے مساوات (۱) کے ساتھہ شامل کریں تو یہہ نتیجہ نکلیگا کہ اگر جیم (لا) موافق لا کے اون تمام قیمتوں کے جو ۰ اور $\frac{1}{۲}$ کی درمیان ہیں یا موافق اون تمام قیمتوں کے جو $\frac{1}{۲}$ اور ۱ کے درمیان ہیں یا موافق اون تمام قیمتوں کے جو ۱ اور ۲ کی درمیان ہوں معلوم ہیں اور علی ہذا القیاس تو جیم (لا) موافق لا کے تمام مثبت قیمتوں کے معلوم ہو جائیگا اور سلسلہ جو ابھی معلوم ہوا ہی اوسسے قیمت لوک جیم (لا) کی بہی معلوم ہو جائیگی اور پہر اوسکے جیم (لا) کی قیمت موافق لا کے اون تمام قیمتوں کے جو ۱ اور $۱\frac{1}{۲}$ کے درمیان واقع ہو

پس ہم جیم (لا) کا حساب موافق لا کی تمام مثبت قیمتوں کے کر سکتے ہیں لیجنڈر صاحب نے جدول لوک جیم (لا) کے قیمتوں کے بنائی ہے اور یہہ جدول اختصار کے ساتھ ڈی مورگن کے علم حساب الجزئیات میں بہی موجود ہے

(۲۷۰) سلسلہ جو لوگ جیم (۱+لا) کے واسطے حاصل ہوا ہے اوسکو اعلی درجہ کا انضمامی بنا سکتے ہیں

$$\text{لوک جیم}(۱+\text{لا}) = -\text{س}\,\text{لا} + \frac{\text{صر}_۲\,\text{لا}^۲}{۲} - \frac{\text{صر}_۳\,\text{لا}^۳}{۳} + \cdots$$

$$\text{لوگ جیم}(۱-\text{لا}) = \text{س}\,\text{لا} + \frac{\text{صر}_۲\,\text{لا}^۲}{۲} + \frac{\text{صر}_۳\,\text{لا}^۳}{۳} + \cdots$$

$$\text{اب جیم}(۱+\text{لا})\,\text{جیم}(۱-\text{لا}) = \text{لا جیم}(\text{لا})\,\text{جیم}(۱-\text{لا})$$

$$= \frac{\text{لا کہ}}{\text{جیب لا کہ}} \quad \text{بموجب دفعہ ۲۶۲ کے}$$

$$\text{اسواسطے لوک}\,\frac{\text{لا کہ}}{\text{جیب لا کہ}} = \text{صر}_۲\,\text{لا}^۲ + \tfrac{۱}{۲}\,\text{صر}_۴\,\text{لا}^۴ + \tfrac{۱}{۳}\,\text{صر}_۶\,\text{لا}^۶ + \cdots$$

$$\text{اور لوک جیم}(۱+\text{لا}) = \tfrac{۱}{۲}\,\text{لوک}\,\frac{\text{لا کہ}}{\text{جیب لا کہ}} - \text{س}\,\text{لا} - \frac{\text{صر}_۳\,\text{لا}^۳}{۳} - \frac{\text{صر}_۵\,\text{لا}^۵}{۵} - \cdots$$

اس نتیجہ کو اسطرح بہی لکہ سکتے ہیں کہ

$$\text{لوک جیم}(۱+\text{لا}) = \tfrac{۱}{۲}\,\text{لوگ}\,\frac{\text{لا کہ}}{\text{جیب لا کہ}} - \tfrac{۱}{۲}\,\text{لوک}\,\frac{۱+\text{لا}}{۱-\text{لا}}$$

$$+ (۱-\text{س})\,\text{لا} - \tfrac{۱}{۳}(\text{صر}_۳-۱)\,\text{لا}^۳ - \tfrac{۱}{۵}(\text{صر}_۵-۱)\,\text{لا}^۵ - \cdots$$

اب آخر سطر میں جو سلسلہ لکہا ہی وہ بہت جلد انضمامی اوس حالت میں ہو جاتا ہے کہ لا تعداداً چہوٹا $\tfrac{۱}{۲}$ سے ہو

(۲۷۱) دفعہ ۲۶۸ کے مساوات (۲) سے ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ $\frac{\text{ز}^۲\,\text{لوک جیم}(\text{لا})}{\text{ز لا}^۲}$ ہمیشہ مثبت ہی اور اگر لا مثبت ہو تو وہ متناہی بہی ہے اسی معلوم ہوا کہ $\frac{\text{ز لوک جیم}(\text{لا})}{\text{ز لا}}$ جبر مقابلہ کے موافق ایسی ہی زیادہ ہوتا ہی جیسے کہ لا سے غیر متناہی زیادہ ہوتا ہے اور سوا ایک دفعہ کے وہ کبہی معدوم نہیں ہوتی پس جیم (لا) ان لا کی قیمتوں کے ترتیب میں کوئی حد خاصی زیادتی کی نہیں رکہہ سکتا ہی اور سوا ایک کے کوئی حد خاصی کمی کی بہی نہیں رکہہ سکتا اس بات کا دیکہنا کچہ بات نہیں ہی کہ جیم (لا) حد خاصی کمی کے لا = ۱ اور لا = ۲ کے درمیان رکہتا،

جیم (۱ + لا) کے حد غائی کمی کے تشخیص کرنے کے واسطے ہم جزی کسے ایک سلسلہ کے جو لوک جیم (۱ + لا) کے واسطے حاصل ہوا ہے لین اور ما حصل کو برابر صفر کے لکھین اسے ایک مساوات حاصل ہوگی جسے امتحان سی یہہ معلوم ہو گا کہ ۱ + لا = وغیرہ ۱ ، ۲ ، ۳ ، ۴ ، ۶ ، ۱

(۲۷۲) بہت سے کلیات محدود ارقام جیم جملوں مین بیان ہو سکتے ہین اب ہم بعض مثالین لکھتے ہین

کلی $\int_0^\infty$ ی$^{-ط^۲ لا^۲}$ زلا مین ط لا کی جگہ ی رکھو تو

$\int_0^\infty \frac{ی^{-ی} \; زی}{۲ ط \; ی^{\frac{۱}{۲}}}$ یعنی $\frac{۱}{۲ ط}$ جیم $(\frac{۱}{۲})$ یعنی $\frac{\sqrt{\pi}}{۲ ط}$ حاصل ہوگا

اب پہر $\frac{\int_0^۱ لا^{ل-۱} (۱ - لا)^{م-۱} \, زلا}{(لا + ط)^{ل+م}}$ مین $\frac{لا}{لا + ط} = \frac{ی}{۱ + ط}$ رکھو تو ہم کو یہہ حاصل ہوگا

$\frac{۱}{ط^م (۱ + ط)^ل} \int_0^۱ ی^{ل-۱} (۱ - ی)^{م-۱} \, زی$ یعنی $\frac{۱}{ط^م (۱ + ط)^ل} \frac{جیم (ل) جیم (م)}{جیم (ل + م)}$

پہر $\int_0^۱ لا^{ل-۱} (۱ - لا^۲)^{م-۱}$ زلا مین لا^۲ = ی کے رکھو تو یہہ حاصل ہوگا کہ

$\frac{۱}{۲} \int_0^۱ ی^{\frac{ل}{۲}-۱} (۱ - ی)^{م-۱} \, زی$ یعنی $\frac{جیم (\frac{ل}{۲}) جیم (م)}{۲ جیم (\frac{ل}{۲} + م)}$

پس $\int_0^{\frac{\pi}{۲}}$ جب^ع ہ حم^ن ہ زہ = $\int_0^۱ لا^ع (۱ - لا^۲)^{\frac{ن-۱}{۲}}$ زلا

$= \int_0^۱ لا^{ع+۱-۱} (۱ - لا^۲)^{\frac{ن+۱}{۲}-۱} \, زلا = \frac{جیم (\frac{ع+۱}{۲}) جیم (\frac{ن+۱}{۲})}{۲ جیم (\frac{ع+ن}{۲} + ۱)}$

پہر $\int_0^۱ \frac{لا^{ل-۱} (۱ - لا)^{م-۱} \, زلا}{[ط لا + ص (۱ - لا)]^{ل+م}}$ مین $لا = \frac{ص ی}{ط (۱ - ی) + ص ی}$ رکھو تو یہہ حاصل ہوگا

$\frac{۱}{ط^ل ص^م} \int_0^۱ ی^{ل-۱} (۱ - ی)^{م-۱} \, زی$ یعنی $\frac{جیم (ل) جیم (م)}{ط^ل ص^م جیم (ل + م)}$

(۲۷۳) $\int_0^ط لا^{ل-۱} (ط - لا)^{م-۱}$ زلا مین لا = ط ی رکھو تو یہہ حاصل ہوگا کہ

$ط^{ل+م-۱} \int_0^۱ ی^{ل-۱} (۱ - ی)^{م-۱} \, زی$ یعنی $ط^{ل+م-۱} \frac{جیم (ل) جیم (م)}{جیم (ل + م)}$

(۲۷۴) اس اضعاف کلی کی قیمت دریافت کرو کہ

$\iiint \ldots لا^{ل-۱} ی^{م-۱} ے^{ن-۱} \ldots$ زلا زی زے . . .

کلی اسطرح لی گئی ہی کہ او سیمین مقادیر متغیرکے تمام مثبت قیمتین اس شرط کے ساتہہ مقرر کی گئی ہین کہ لا + ی + ے + . .

واحد سے بڑا نہ ہو

اب ہم فرض کرینگے کہ مقادیر متغیر تین ہیں اسواسطے کلی مثلثہ ہے اور جو ترکیب کلی مثلثہ کے واسطے ہم لکھینگے وہی اور ترکیب ہر صورت میں خواہ تعداد مقادیر متغیر کی کتنی ہی ہو کام میں آئینگے

مقادیر متغیر میں سے ایک کے موافق کلی لیں فرض کرو کہ اول ے کے موافق کلی لیتے ہیں تو حدود غائی ۰ اور ۱ - لا - ی کے درمیان ہونگیں تو ان حدود غائی کے درمیان

$$\text{مع}\ ے^{ن-۱}\ رے = \frac{(۱ - لا - ی)^{ن}}{ن} = \frac{\text{جیم}(ن)}{\text{جیم}(ن+۱)} (۱ - لا - ی)^{ن}$$

اب باقی مقادیر متغیر میں سے کسی مقدار کے موافق کلی لو فرض کرو کہ ی کے موافق کلی لی گئی تو حدود غائی ۰ اور ۱ - لا ہونگیں اور ان حدود غائی کے درمیان بحکم دفعہ ۲۷۳ کے

$$\text{مع}\ ی^{م-۱} (۱ - لا - ی)^{ن}\ ری = \frac{(۱ - لا)^{م+ن}\ \text{جیم}(م)\ \text{جیم}(ن+۱)}{\text{جیم}(م + ن + ۱)}$$

اب لا کے لحاظ سے کلی حدود غائی ۰ اور ۱ کے درمیان لو تو ان حدود غائی کے درمیان

$$\text{مع}\ لا^{ل-۱} (۱ - لا)^{م+ن}\ رلا = \frac{\text{جیم}(ل)\ \text{جیم}(م+ن+۱)}{\text{جیم}(ل + م + ن + ۱)}$$

اسسے معلوم ہوا کہ آخر کو نتیجہ یہہ حاصل ہوگا کہ

$$\frac{\text{جیم}(ن)}{\text{جیم}(ن+۱)} \cdot \frac{\text{جیم}(م)\ \text{جیم}(ن+۱)}{\text{جیم}(م+ن+۱)} \cdot \frac{\text{جیم}(ل)\ \text{جیم}(م+ن+۱)}{\text{جیم}(ل + م + ن + ۱)}$$

یعنی

$$\frac{\text{جیم}(ل)\ \text{جیم}(م)\ \text{جیم}(ن)}{\text{جیم}(ل + م + ن + ۱)}$$

(۲۷۵) قیمت اس اضعاف کلی کی دریافت کرو کہ

$$\text{مع مع مع} \ldots و^{ل-۱}\ س^{م-۱}\ ط^{ن-۱} \ldots رو\ رس\ رط$$

کلی ایسی لی گئی ہی کہ اوسمیں مقادیر متغیر کی تمام مثبت قیمتیں اس شرط کے ساتھہ مقرر ہوسکتی ہیں کہ

$$\left(\frac{و}{ح}\right)^{ع} + \left(\frac{س}{ص}\right)^{ق} + \left(\frac{ط}{ط}\right)^{ف} + \ldots$$

واحد سے بڑا نہ ہو

فرض کرو کہ $لا = \left(\frac{و}{ح}\right)^{ع}$ اور $ی = \left(\frac{س}{ص}\right)^{ق}$ اور $ے = \left(\frac{ط}{ط}\right)^{ف}$ . . .

تو کلی کی یہہ صورت ہوجائیگی کہ

$$\frac{ل_{صہ}^{ل} \; صہ^{م} \; لہ^{ن} \ldots}{ع \; ں \; د \ldots} \; مع \, مع \, مع \ldots لا^{\frac{ل}{ع}-1} \; ی^{\frac{م}{ں}-1} \; ے^{\frac{ن}{د}-1} \ldots \; زلا \, زی \, زے$$

اسمین یہہ شرط ضروری کہ لا + ی + ے . . . بڑی واحد سی نہ ہون تو کلی کی قیمت موافق دفعہ گذشتہ کے یہہ ہوگی کہ

$$\frac{صہ^{ل} \; صہ^{م} \; لہ^{ن}}{ع \; ں \; د \ldots} \; \frac{جیم\left(\frac{ل}{ع}\right) جیم\left(\frac{م}{ں}\right) جیم\left(\frac{ن}{د}\right) \ldots}{جیم\left(\frac{ل}{ع} + \frac{م}{ں} + \frac{ن}{د} + \ldots + 1\right)}$$

اسکو ضابطہ ہچون ڈرجلٹ کہتے ہین اور لوولی جو اوسکو توسیع دی ہی اوسکا بیان دفعات ۲۷۷ اور ۲۷۸ مین کرینگے

(۲۷۶) دفعہ گذشتہ کی ایک آسان صورت لکہتی ہین کہ فرض کرو ع اور ں اور د . . . مین سے ہر ایک واحد ہوا ور سہ و صہ و ی . . . ہر ایک برابر مقدار مستقل صہ کے ہو تو یہہ شرط ہوگی کہ فر + سر + طر . . . بڑی صہ سے نہ ہون اسواسطی قیمت کلی

$$مع \, مع \, مع \ldots فر^{ل-1} \, سر^{م-1} \, طر^{ن-1} \ldots \; زفر \, زسر \, زطر \text{ کی}$$

$$صہ^{ل+م+ن+\ldots} \; \frac{جیم(ل) \, جیم(م) \, جیم(ن)}{جیم(ل + م + ن + \ldots + 1)}$$

اسکو ن $صہ^{ل+م+ن \ldots}$ سے تعبیر کرتے ہین

علی ہذا القیاس اگر کلی ایسے لیجائے کہ مجموعہ مقادیر متغیر کا زیادہ صہ + ∆ صہ سے نہ ہو تو یہہ نتیجہ حاصل ہوگا کہ

$$ن\,(صہ + \Delta صہ)^{ل+م+ن+\ldots}$$

اسسے ہم یہہ نتیجہ نکالتی ہین کہ قیمت کلی کی مقادیر متغیر کی تمام ان مثبت قیمتوں پر وسعت پاتی ہے جو مقادیر متغیر کے مجموعہ کو صہ اور صہ + ∆ صہ کے درمیان بناتی ہے

$$ن\left[(صہ + \Delta صہ)^{ل+م+ن+\ldots} - صہ^{ل+م+ن+\ldots}\right]$$

اور جب ∆ صہ غیر محدود کم ہو تو اسکے یہہ صورت ہوجائیگے کہ

ت (ل + م + ن + ۰۰۰) هہ^ل + م + ن + ۰۰۰ -۱^ ∆ هہ

یعنی جیم (ل) جیم (م) جیم (ن) ۰۰۰ / جیم (ل + م + ن + ۰۰۰) هہ^ل + م + ن + ۰۰۰ -۱^ ∆ هہ

(۲۷۷) مطلوب یہہ ہے کہ اضعاف کلی

مع مع مع ۰۰۰ لا^ل-۱^ ی^م-۱^ ے^ن-۱^ ۰۰ ح (لا + ی + ے + ۰۰۰) زلا زی زے

کو کلی مفرد میں بتذیل کریں

کلی ایسے لی گئی کہ تمام مقادیر متغیر کے مثبت قیمتیں اس شرط کو پورا کرتی ہیں کہ لا + ی + ے + بڑا س سے نہیں ہے

آسانی کے واسطے ہم یہہ فرض کرتے ہیں کہ تین مقادیر متغیر ہیں تو بموجب دفعہ گذشتہ کے

اگر ح (لا + ی + ے) کے جگہہ واحد لکھا جائے تو کلی کا وہ حصہ جو مقادیر متغیر کے مجموعہ کو هہ اور هہ + ∆ هہ کے درمیان فرض کرنے سے پیدا ہوتا ہے آخر کو یہہ ہو جائیگا کہ

جیم (ل) جیم (م) جیم (ن) / جیم (ل + م + ن) هہ^ل + م + ن -۱^ ∆ هہ

اور اگر مجموعہ مقادیر متغیر کا هہ اور هہ + ∆ هہ کے درمیان واقع ہو تو قیمت ح (لا + ی + ے) کی صرف ح (هہ) سے تفاوت بقدر اوسے مقدار کے رکھی کا جسکا مرتبہ مثل ∆ هہ کی ہے

اسسے معلوم ہوا کہ ∆ هہ کے مربع کے چھوڑ دینے پر کلی کا وہ حصہ جو مقادیر متغیر کے مجموعہ کو هہ اور هہ + ∆ هہ کے درمیان فرض کرنے سے پیدا ہوتا ہے آخر کار

جیم (ل) جیم (م) جیم (ن) / جیم (ل + م + ن) ح (هہ). هہ^ل + م + ن -۱^ ∆ هہ ہوگا

اسسے معلوم ہوا کہ کل کلی یہہ ہے کہ

جیم (ل) جیم (م) جیم (ن) / جیم (ل + م + ن) س مع ح (هہ) هہ^ل + م + ن -۱^

یہہ عمل سب صورتوں پر حاوی ہے خواہ مقادیر متغیر کی کچھہ ہی تعداد ہو

(۲۷۸) اسیطرح کلی مثلثہ

مع مع مع فر^ل-۱^ شر^م-۱^ ظر^ن-۱^ ح {(فر/ا)^ب^ + (شر/ب)^ق^ + (ظر/ج)^ر^} زفر زشر زظر

مقادیر متغیر کے تمام مثبت قیمتوں کے اس شرط کے ساتھ کہ

$$\left(\frac{م}{ص}\right)^{ع} + \left(\frac{س}{ص}\right)^{ق} + \left(\frac{ط}{ر}\right)^{ر}$$

بڑا س سے نہ ہو برابر

$$\frac{ل\,ص\,م\,ر\;جیم\left(\frac{ل}{ع}\right)جیم\left(\frac{م}{ق}\right)جیم\left(\frac{ق}{ر}\right)}{ع\;ق\;ر\;جیم\left(\frac{ل}{ع}+\frac{م}{ق}+\frac{ل}{ر}\right)} \int ح(ص)\, ص^{\frac{ل}{ع}+\frac{م}{ق}+\frac{ل}{ر}-1}\, ز ص$$

یہہ عمل اون سب صورتوں پر حاوی ہوسکتا ہے جنمین تعداد مقادیر متغیر کی کچھہ ہی ہو

(۲۷۹) کلی مثناۃ

$$\iint \frac{لا^{ع-1}\, ی^{ں-1}\, ز ی\, ز لا}{(لو+طلا+ص ی)^{ع+ق}}$$

کو کلی مفرد مین تبدیل کرو

اسمین کلی لا اور ی کے تمام مثبت قیمتوں کے موافق اس شرط کے ساتھہ لی گئی ہین کہ لا + ی بڑا ک سے نہ ہو اور لو اور ط اور ص مثبت مقادیر مستقلہ ہین

فرض کرو کہ ط چھوٹا ص سے ہے تو ہم کو یہہ حاصل ہے کہ

$$لو + طلا + ص ی = لو + ط(لا+ی) - (ط-ص)ی = \mathbf{لو} - س$$

اور $\text{کہ مع} \left\{\text{یٰ}^{\text{ط(کہ-لا)}} + \text{یٰ}^{-\text{ط(کہ-لا)}}\right\} \text{ز لو} = \frac{\text{یٰ}^{\text{طکہ}} - \text{یٰ}^{-\text{طکہ}}}{\text{ط}}$

اسواسطے

$$\frac{\text{کہ}}{۲\text{ط}} \cdot \frac{\text{یٰ}^{\text{ط(کہ-لا)}} + \text{یٰ}^{-\text{ط(کہ-لا)}}}{\text{یٰ}^{\text{طکہ}} - \text{یٰ}^{-\text{طکہ}}} = \frac{۱}{۲\text{ط}^۲} + \frac{\text{جم لا}}{۱^۲ + \text{ط}^۲} + \frac{\text{جم ۲لا}}{۲^۲ + \text{ط}^۲} + \cdots$$

(۳۲۰) اس بات کو بھی جاننا چاہی کہ جو او پر صور قانونیہ لکھی ہیں او سے اور صور قانونیہ کا استنباط

کلی لیتی ہے ہو سکتا ہے اور علی العموم اسطرح جو سلسلے حاصل ہوتے ہیں وہ
جن اصل سلسلوں سے مستنبط ہوتی ہیں اونسے بہت جلد التضامی ہو جاتے ہیں
مثلاً ہم لا کی صورت قانونیہ سلسلہ جوب میں لو جو دفعہ ۳۱۱ لکھی ہے اور کلی لوتو

$$\frac{\text{ک}}{\text{ہ}} \text{ جب } لا = \text{مقدار مستقل} - \frac{\text{جم ۲ لا}}{۳ \times ۱} - \frac{\text{جم ۴ لا}}{۵ \times ۳} - \frac{\text{جم ۶ لا}}{۷ \times ۵} - \ldots$$

لا = ۰ کے رکھنے سے مقدار مستقل $\frac{۱}{۲}$ معلوم ہو گی یہہ نتیجہ مطابق اوس نتیجہ کے ہے
جو جب لا کو سلسلہ جوب التمام میں پھیلانے سے حاصل ہوتا

(۳۲۱) ہم اوپر ثابت کر آئے ہیں کہ دفعہ ۳۰۹ کی صورت قانونیہ (۳) اون سب قیمتوں
پر حاوی ہے جو لا کے - اور ل کے قیمتوں کے درمیان لی جائیں اور - اور ل خود بھی شامل ہیں تو اب
اس بات کا دریافت کر لینا کچھ مشکل نہیں کہ بائیں طرف کا رکن ان لا کے حدود غائی کے پرے
کسلئے برابر ہوتا ہے، فرض کرو کہ لا مثبت ہے اور ل اور ۲ ل کے درمیان واقع ہے اور
لا = ۲ ل - لاَ ایسا رکھو کہ لاَ چھوٹا بہ نسبت ل کے ہو تو

$$\text{جم } \frac{\text{ن کہ لا}}{\text{ل}} = \text{جم } (۲ \text{ ن کہ} - \frac{\text{ن کہ لاَ}}{\text{ل}}) = \text{م } \frac{\text{ن کہ لاَ}}{\text{ل}}$$

اسواسطے قیمت بائیں طرف کے رکن کی مج (لاَ) ہے دوم فرض کرو کہ لا بڑا بہ نسبت ۲ ل کے ہے
اور وہ برابر ۲ م لا + لاَ کے ہے جسمیں لاَ چھوٹا ۲ ل سے ہے تو

$$\text{جم } \frac{\text{ن کہ لا}}{\text{ل}} = \text{جم } \frac{\text{ن کہ لاَ}}{\text{ل}}$$

پس قیمت وہی رہی گویا کہ لاَ کو بجائے لا کے رکھا ہی نہ تھا یعنی قیمت مج (لاَ) ہے اگر
لاَ چھوٹا ل سے ہو اور مج (۲ ل - لاَ) ہے اگر لاَ بڑا ل سے ہو
یہہ ظاہر ہے کہ لا کے ہر منفی قیمت کے موافق وہی قیمت رہی گی جو اوسکی نظر کی مثبت قیمت
کے واسطے ہے اسی طرح ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ اگر لا مثبت ہو اور = ۲ م ل + لاَ تو قیمت بائیں طرف مساوی
(۴) دفعہ ۳۰۹ کی وہی ہے جو لاَ کو بجائے لا کے رکھنے سے حاصل ہوتی اور مج (لاَ) ہے اگر
لاَ چھوٹا ل سے ہو اور - مج (۲ ل - لاَ) ہے اگر لاَ بڑا ل سے ہو اور لا کے ہر منفی قیمت

کے موافق وہی قیمت ہی جو عددی قیمت اوسکی نظیر کی مثبت قیمت ہی مگر علامت بدلی ہوی

(۳۲۲) اس بات پر بہی دہیان کرنا چاہی کہ دفعہ ۳۰۸ کے اصولی استدلال مین ہم نے یہہ فرض لیا ہے کہ جب صہ اپنی حد غائی واحد پر پہونچتا ہے تو صورت بیانیہ

مع صہ^ن مج (مو) جم $\frac{\text{ن کہ (مو - لا)}}{\text{ل}}$ زمو

قایم مقام

مع مج (مو) جم $\frac{\text{ن کہ (مو - لا)}}{\text{ل}}$ زمو

کا ہوسکتا ہے خواہ ن کتنا ہی بڑا ہو اب ہم یہہ ثابت کرکے کہ دوسری کلی جب ن غیر محدود زیادہ ہو معدوم ہوتا ہے یہہ بتلائینگے کہ اوپر جو بات فرض کی ہے اوسی کوئی غلطی نہین پیدا ہوئے ہمکو یہہ حاصل ہے کہ

مع مج (مو) جم $\frac{\text{ن کہ (مو - لا)}}{\text{ل}}$ زمو = $\frac{\text{ل مج (مو)}}{\text{کہ ن}}$ جب $\frac{\text{ن کہ (مو - لا)}}{\text{ل}}$

− $\frac{\text{ل}}{\text{کہ ن}}$ مع مجَ (مو) جب $\frac{\text{ن کہ (مو - لا)}}{\text{ل}}$ زمو

اسسے ثابت ہوتا ہے کہ دائین طرف کی کلی معدوم ہوتی ہی جب ن غیر متناہی ہو اور قاعدہ یہہ ہے کہ

مع (مو) غیر متناہی نہ ہو

(۳۲۳) دفعہ ۳۰۹ کی صورقانونیہ (۳) اور (۴) سے متعلق بڑی بڑی باتین اب تک ہمنے نہین بیان کین ان صورقانونیہ مین کچہ ضرور نہین ہی کہ مج (لا) پیوستہ جملہ ہو مثلاً لا = ۔ سے لا = ط تک یہہ حاصل ہوسکتا ہی کہ

مج (لا) = ح₁ (لا) تو لا = ط سے لا = ص تک یہہ حاصل ہوسکتا ہے کہ

مج (لا) = ح₂ (لا) تو لا = ص سے لا = س تک یہہ حاصل ہوسکتا ہے کہ

مج (لا) = ح₃ (لا) تو لا = س سے لا = ل تک یہہ حاصل ہوسکتا ہے کہ

مج (لا) = مج₄ (لا)

مثلاً لا کے تمام قیمتوں کے واسطے جو ۔ اور ل کے درمیان واقع ہوں اور جنمین ۔ اور ل بہی داخل ہوں صورت قانونیہ (۳) پہر بہی صادق آتی ہی بگروہ قیمتیں مستثنے ہین جنکی ہونگی ہیت

کے اندر گسستگی واقع ہوتی ہیں مثلاً لا = ط تو قیمت بائیں طرف کے رکن کی
ح۱ (ط) یا ح۲ (ط) نہیں ہوگی بلکہ ½ [ح۱ (ط) + ح۲ (ط)] ہوگی اسواسطے اگر
لا = ط کے جگہہ ح۱ (لا) = ح۲ (لا) رکھیں تو صورت قانونیہ اوس حالت مین
بھی مستحکم ہوگی جب کہ لا = ط

بعض مصنفین نے دفعہ ۳۰۹ کی صورت قانونیہ (۳) کی بیان کرنے کا ایک ایسا طریقہ اختیار کیا ہے
جسمیں توجہ امکان گسستگی کی طرف ہوتی ہی دائیں طرف مین بجائے مج (لا) کے
½ [مج (لا + بد) + مج (لا − بد)] رکھتے ہیں اسمین بد بھی غیر محدود چھوٹی نسبت مقدار
کو تعبیر کرتی ہے پس جب گسستگی نہیں ہوتی تو حد غائی مج (لا + بد) کی مج (لا) ہوتی ہے
اور نیز ایسی ہی حد غائی مج (لا − بد) ہے لیکن فرض کرو کہ جب لا = ط ہو تو وہی گسستگی واقع
ہوتی ہی جو اوپر بیان ہوئی تو حد غائی مج (ط + بد) کی ح۱ (لا) ہے

(۳۲۴) ایسی صورت بیانیہ حاصل کرو کہ جو برابر س کے اوس حالت میں ہو کہ لا درمیان ۰ اور ط کے واقع ہو اور برابر صفر کے اوس حال میں ہو کہ لا درمیان ط اور ل کے واقع ہو
صورت قانونیہ (۳) دفعہ ۳۰۹ کی ہو یہاں مو = ۰ سے مو = ط تک

مج (مو) = س اور مو = ط سے مو = ل تک وہ صفر ہے پس

$$\int_{0}^{\text{ل}} \text{جم}\,\frac{\text{ن ک مو}}{\text{ل}}\ \text{مج (مو) ز مو}$$ کی صورت یہہ ہوجائیگی کہ

$$\text{س}\int_{0}^{\text{ط}} \text{جم}\,\frac{\text{ن ک مو}}{\text{ل}}\ \text{ز مو} = \frac{\text{س ل}}{\text{ن ک}}\ \text{جب}\,\frac{\text{ن ک ط}}{\text{ل}}$$

اسواسطے صورت بیانیہ مطلوب

$$\frac{\text{س ط}}{\text{ل}} + \frac{\text{۲ س}}{\text{ک}}\Big[\text{جب}\,\frac{\text{ک ط}}{\text{ل}}\ \text{جم}\,\frac{\text{ک لا}}{\text{ل}} + \frac{1}{2}\,\text{جب}\,\frac{\text{۲ ک ط}}{\text{ل}}\ \text{جم}\,\frac{\text{۲ ک لا}}{\text{ل}} + \frac{1}{3}\,\text{جب}\,\frac{\text{۳ ک ط}}{\text{ل}}\ \text{جم}\,\frac{\text{۳ ک لا}}{\text{ل}} + \dots\Big]$$

اسے ½ س معلوم جب ہوگا کہ لا = ط

یا دفعہ ۳۰۹ کے صورت قانونیہ (۴) کو اس طرح کام میں لائیں کہ

ایک اور مثال یہہ ہے کہ ارقام جو ب مین جملہ مج (لا) ایسا دریافت کرو
جو برابر لا کی لا = ۰ سے لا = سہ تک ہو اور پھر برابر سہ کی لا = سہ سے لا = کہ ـ سہ تک ہو
اور پھر برابر کہ ـ لا کی لا = کہ ـ سہ سے لا = کہ تک ہو
حصل یہہ ہے کہ

مج (لا) = ۴/کہ {جب سہ جب لا + ۱/۳۲ جب ۳ سہ جب ۳ لا + ۱/۵۲ جب ۵ سہ جب ۵ لا + }

لا = ۰ سے لا = کہ تک یہہ صحیح ہے اٰمین ۰ اور کہ بھی داخل ہین
اس نتیجے کے معنی علم ہندسہ کے موافق بیان کرتے ہین
فرض کرو کہ ط ا س ب ایک مربع ایسا ہو کہ
ط ا = کہ اور ط ب = کہ مبدء ط کو
اور ط ا کو محور لا کا اور ط ب کو محور ی کا
اور محورے کو زاویہ قائمہ بناتا ہوا محور لا اور ی پر مقرر کرو اگر ایک مخروط بنایا جاے
جسکا قاعدہ ط ا س ب ہو اور اوسکا راس نقطہ لا = کہ/۲ اور ی = کہ/۲ اور ے = کہ/۲ ہو
تو ذیل کی مساوات سے مخروط کے وہ چارون رخ تعبیر ہونگے جو راس پر ملتی ہین

ے = ۴/کہ [جب لا جب ی + ۱/۳۲ جب ۳ لا جب ۳ ی + ۱/۵۲ جب ۵ لا جب ۵ ی + ۰۰۰]

طالب علم ان مثالون کو ثابت کرین کہ
اگر لا تعداد اچھو طیا ط سے ہو تو صورت بیانیہ کی لا

ش ط/کہ مج [جم (۲ن + ۱) کہ لا/ط۲ ÷ (۲ن + ۱)۲]

برابر ط ـ لا کے اگر لا مثبت ہو اور ط + لا کے اگر لا منفی ہو
ثابت کرو کہ لا کی قیمتین جو درمیان ـ کہ اور کہ کے واقع ہون اور کہ اور ـ کہ بھی داخل ہون

لا۲/۴ = کہ۲/۱۲ ـ جم لا + جم ۲ لا/۲۲ ـ جم ۳ لا/۳۲ + ۰ ۰ ۰

یہہ دفعہ ۳۱۰ سے کلی کے لینے سے حاصل ہو سکتا ہے یا دفعہ ۳۰۹ کی مساوات (۳) سے

اس نتیجہ کی کلی لو تو

$$\frac{\text{لا}^3}{۱۲} - \frac{\text{کہ}^2\,\text{لا}}{۱۲} = -\,\text{جب لا} + \frac{\text{جب ۲لا}}{۲^3} - \frac{\text{جب ۳لا}}{۳^3} + \cdots$$

جوب کی ارقام میں صورت بیانیہ دریافت کرو جو برابر جب $\frac{\text{کہ لا}}{\text{سہ}}$ کے لا = ۰ سے لا = سہ تک ہو اور برابر ۰ کی لا = سہ سے لا = کہ تک ہو ماحصل یہہ ہے کہ

$$۴\,\text{سہ}\left[\frac{\text{جب سہ جب لا}}{\text{کہ}^2 - \text{سہ}^2} + \frac{\text{جب ۲ سہ جب ۲لا}}{\text{کہ}^2 - ۲^2\,\text{سہ}^2} + \frac{\text{جب ۳ سہ جب ۳لا}}{\text{کہ}^2 - ۳^2\,\text{سہ}^2} + \cdots\right]$$

ارقام جوب التمام میں صورت بیانیہ ایسی دریافت کرو کہ وہ برابر $\frac{\text{کہ}^2}{۴} - \text{لا}^2$ کی لا = ۰ سے لا = $\frac{\text{کہ}}{۲}$ تک ہو اور برابر ۰ کی لا = $\frac{\text{کہ}}{۲}$ سے لا = کہ تک ہو نتیجہ یہہ ہے کہ

$$\frac{\text{کہ}^2}{۱۲} + \frac{۴}{\text{کہ}}\left[\text{جم لا} - \frac{\text{جم ۳لا}}{۳^3} + \frac{\text{جم ۵لا}}{۵^3} - \cdots\right]$$
$$+\,۲\left[\frac{\text{جم ۲لا}}{۲^2} - \frac{\text{جم ۴لا}}{۴^2} + \frac{\text{جم ۶لا}}{۶^2} - \cdots\right]$$

(۳۲۶) دفعہ ۳۰۹ کے متماثل اور صورتا نونیہ بھی نکل سکتی ہیں اونمیں بعض کی تحقیقات ہم بیان کرتے ہیں دفعہ ۳۰۹ سے ہم کو یہہ حاصل ہے کہ

$$\text{مج(لا)} = \frac{۱}{۲\text{ل}}\int_{۰}^{\text{ل}}\text{مج(مو) زمو} + \frac{۱}{\text{ل}}\sum_{۱}^{\infty}\int_{۰}^{\text{ل}}\text{مج(مو) جم}\,\frac{\text{ن کہ(مو} - \text{لا)}}{\text{ل}}\,\text{زمو} \cdots (۱)$$

یہہ اون سب حالتوں میں مستحکم ہی جنمیں لا کی قیمت ۰ اور ل کے درمیان واقع ہو لیکن جب لا = ۰ تو دائیں طرف کا رکن $\frac{۱}{۲}$ مج (۰) ہو جائیگا اور جب لا = ل تو دائیں طرف کا رکن $\frac{۱}{۲}$ مج (ل) ہو جائیگا اور جسطرح یہہ نتیجہ حاصل کیا ہے اوسطرح ہم یہہ ثابت کرسکتے ہیں کہ

$$۲\,\text{مج(لا)} = \frac{۱}{۲\text{ل}}\int_{۰}^{\text{ل}}\text{مج(مو) زمو} + \frac{۱}{\text{ل}}\sum_{۱}^{\infty}\int_{۰}^{\text{ل}}\text{مج(مو) جم}\,\frac{\text{ن کہ(مو} - \text{لا)}}{۲\text{ل}}\,\text{زمو} \cdots (۲)$$

۰ اور ل کے درمیان کوئی قیمت لا کے واقع ہو اون سب کے لئی یہہ نتیجہ مستحکم ہی لیکن جب لا = ۰ تو دائیں طرف کا رکن مج (۰) ہو جائیگا اور جب لا = ل تو دائیں طرف کا مج (ل) ہو جائیگا

(۱) کو (۲) سے تفریق کرو تو

$$\text{مج(لا)} = \frac{۱}{\text{ل}}\sum_{۱}^{\infty}\int_{۰}^{\text{ل}}\text{مج(مو) جم}\,\frac{\text{(۲ن} - ۱\text{) کہ(مو} - \text{لا)}}{۲\,\text{ل}}\,\text{زمو} \cdots (۳)$$

یہہ مستحکم اون سب حالتوں میں ہی جنمیں لا کوئی قیمت ۰ اور ل کے درمیان رکھتا ہی لیکن جب لا = ۰

تو دائیں طرف کا رکن $\frac{1}{2}$ مج (۰) ہونا چاہیے اور جب لا = ل تو دائیں طرف کا رکن $\frac{1}{2}$ مج (ل) ہوگا
اب جسطرح (۳) حاصل ہوا تہا اوسطرح نتیجہ ذیل حاصل کر سکتے ہیں مو + لا سے بجای مو - لا کے ہم جلیں

$$\frac{1}{ل} \int_0^ل مج (مو) جم \frac{(۲ ن - ۱) کہ (مو + لا)}{۲ ل} ز مو \ldots (۴)$$

یہہ مستحکم اون سب حالتون میں ہی جنمیں لا کی کوئی قیمت ۰ اور ل کے درمیان ہو لیکن جب لا = ۰ تو
دائیں طرف کا رکن $\frac{1}{2}$ مج (۰) ہوگا اور جب لا = ل تو دائیں طرف کا رکن $-\frac{1}{2}$ مج (ل) ہوگا

(۳) اور (۴) کی جمع اور تفریق کرنے سے ہم کو یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

$$مج (لا) = \frac{۲}{ل} \sum_1^\infty جم \frac{(۲ ن - ۱) کہ لا}{۲ ل} \int_0^ل مج (مو) جم \frac{(۲ ن - ۱) کہ مو}{۲ ل} ز مو \ (۵)$$

$$مج (لا) = \frac{۲}{ل} \sum_1^\infty جب \frac{(۲ ن - ۱) کہ لا}{۲ ل} \int_0^ل مج (لو) جب \frac{(۲ ن - ۱) کہ مو}{۲ ل} ز مو \ (۶)$$

یہہ نتایج مستحکم اون سب حالتون میں ہیں جنمیں لا کی کوئی قیمت ۰ اور ل کے درمیان لیجاے
لیکن جب لا = ۰ تو دائیں طرف کا رکن (۶) کا صفر ہوگا اور جب لا = ل تو دائیں طرف
کا رکن (۵) کا ہوگا

(۶) کی مثال ذیل میں لکھی جاتی ہے ہم کو یہہ حاصل ہے کہ

$$\frac{کہ لا}{۸} = جب \frac{لا}{۲} - \frac{1}{۳^2} جب \frac{۳ لا}{۲} + \frac{1}{۵^2} جب \frac{۵ لا}{۲} - \ldots$$

یہہ اخر نتیجہ دفعہ ۳۱۳ کے ساتہہ بالکل مطابق ہے

(۳۲۷) صورت قانونیہ (۵) دفعہ گذشتہ سے ایک عجیب مسئلہ ہم ثابت کرینگے
اور اسکو اول جان برلو کے لکہا تہا فرض کرو کہ ا ب کوئی خط منحنی ہے اور
اوسکے جو مماس ا اور ب سے لگائے جائیں وہ ایک دوسرے پر قائمہ بناتے ہیں اور
اس خط منحنی کا لف نقطہ ا سے شروع ہوتا ہے اور اسکو ا س سے تعبیر کرو اور ا س کا
لف نقطہ س سے شروع اور علی ہذا القیاس یہہ سلسلہ جاری رہے تو
آخر کو جو شکل حاصل ہو گی وہ خط تدویر ہوگا
فرض کرو کہ صو طول ا ل خط منحنی کی اوس قوس کا ہے جو ا سے کسی نقطہ ع تک

اندازہ کیا جای اور نقطہ ج پر ق نصف قطر انحنا ہو اور اس نقطے کے نظیر کے نقطہ کا نصف قطر انحنا ق۱ ہو اور دوسرے لف کا نصف قطر انحنا ق۲ ہو اور تیسرے لف کا نصف قطر انحنا ق۳ ہو اور علی ہذا القیاس اصلی خط منحنی کے اور نقطہ ا کے عمود المماس کے ساتھ جو میلان ق و ق۲ و ق۴ کا ہوگا اوسکو س تعبیر کریگا اور خط منحنی کے نقطہ ب کے عمود المماس کے ساتھ جو میلان ق۱ و ق۳ و ق۵ . . کا ہوگا اوسکو بہی س تعبیر کریگا اور سوا ازین جب بر = ۰ تو ق۱ اور ق۳ اور ق۵ . . معدوم ہوتے ہین اور جب بر = $\frac{ط}{۲}$ تو بر۲ و بر۴ و بر۶ . . وغیرہ معدوم ہوتے ہین

اب ق = $\frac{ن ص ع}{د بر}$ اور ق۱ = ص پس ق۱ = ۱مع ق ز بر

علی ہذا القیاس	ق۲ = $\frac{ط}{۲}$مع ق۱ ز بر

ق۳ = ۱مع ق۲ ز بر

ق۴ = $\frac{ط}{۲}$مع ق۳ ز بر

اور علی ہذا القیاس

اب صورت قانونیہ (۵) دفعہ گذشتہ مین فرض کر ل = $\frac{ط}{۲}$ تو اس سبب سے کہ ق کوئی جملہ بر کا ہے ہم کو یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

ق = ا۱ جم بر + ا۳ جم ۳ بر + ا۵ جم ۵ بر + . . .

اسمین ا۱ و ا۳ و ا۵ . . خاص مقادیر مستقلہ مین جو صورت قانونیہ (۵) سے تشخیص ہوتی ہین پس

ق۱ = ا۱ جب بر + $\frac{۱}{۳}$ ا۳ جب ۳ بر + $\frac{۱}{۵}$ ا۵ جب ۵ بر + . . .

ق۲ = ا۱ جم بر + $\frac{۱}{۳^۲}$ ا۳ جم ۳ بر + $\frac{۱}{۵^۲}$ ا۵ جب ۵ بر + . . .

ق۳ = ا۱ جب بر + $\frac{۱}{۳^۳}$ ا۳ جب ۳ بر + $\frac{۱}{۵^۳}$ ا۵ جب ۵ بر + . . .

اسطرح عمل کرنے سے ہم کو یہہ حاصل ہوتا ہے کہ جب ن غیر متناہی بڑا ہو تو

ق۲ن = ا۱ جب بر یا ق۲ن = ا۱ جم بر

اور ان مساواتوں سے خط تدویر تعبیر ہوتا ہے دفعہ ۱۰۵ دیکھو
اب ہم نتیجہ کی صفت ذاتی کا امتحان اوس حالت میں کرتے ہیں کہ اصل خط منحنی کے اطراف سے مماس لگائے گئے ایک دوسرے کے ساتھہ زاویہ قائمہ پر میلان نہیں رکھتی فرض کرو کہ یہہ مماس زاویہ سہ پر میلان رکھتے ہوں اور ل کے جگہ سہ کو صورت قانونیہ (۵) دفعہ گذشتہ میں رکھہ تو یہہ حاصل ہوگا کہ

ق = ا۱ جم (کہ ر / ۲ سہ) + ا۳ جم (۳ کہ ر / ۲ سہ) + ا۵ جم (۵ کہ ر / ۲ سہ) + . . .

اور اسی طرح عمل کرنے سے موافق سابق کے یہہ نتیجہ حاصل ہوتا ہے کہ

قن = ک جم (کہ ر / ۲ سہ) یا قن = ک جب (کہ ر / ۲ سہ)

اسمیں ک = ا۱ (۲ سہ / کہ)^ن

اگر ک ایک مقدار متناہی ہو تو اگر سہ بڑا کہ/۲ سے ہوگا تو خط تدویر خارجی حاصل ہوگا اور اگر سہ چھوٹا کہ/۲ سے ہوگا تو تدویر داخلی حاصل ہوگا جسمیں قطر دایرہ متحرک کا چھوٹا نصف قطر دائرہ ساکن سے ہوگا دفعات ۱۱۰ اور ۱۱۱ دیکھو اور یہہ ایک معمولی بیان نتایج کا ہے اس باب پر یہی خیال کرنا چاہئے کہ ک غیر محدود بڑا اول صورت میں اور غیر محدود چھوٹا دوسری صورت میں ہوگا

پس اول صورت میں نصف اقطار دائر ساکن اور متحرک غیر محدود زیادہ ہوتی ہوئی فرض کی گئی ہیں اور دوسری صورت میں غیر محدود کم ہوتی ہوئے

(۳۲۸) فرض کرو کہ ط اور ص اور ص - ط مثبت مقادیر ہوں

کلی متناہ صجمع طامع جم لولا مج (مو) جم لومو زمو زبو

کلی بالا جزا سے ہم کو یہہ حاصل

جمع مج (مو) جم لومو زمو = مج (مو) جب لومو / لو - مع مج (مو) جب لومو / لو زبو

اسواسطے

ص/ط مع مج (مو) جم لو مو ز مو = مج (ص) جب لو مو/لو ـ مج (ط) جب لو ط ز مو

ـ ص/ط مع مج (مو) جب لو مو/لو ز مو

پس کلی ثمناۃ کی صورت یہہ ہو جائیگے

مج (ص) ص ع مع جم لولا جب لو ص/لو ز لو ـ مج (ط) ص ع مع جم لولا جب لو ط ز لو

ـ ص ع مع ص/ط مع جم لولا مج (مو) جب لولا/مو ز لو ز مو

اول اور دوسری رقم آسانی سی بموجب دفعہ ۲۸۵ کی دریافت ہو سکتی ہین اور تیسری رقم مین ترتیب کلی کو بدل دین اور دفعہ ۲۸۵ کو کام مین لاکر بلحاظ لو کے کلی نکال کر حصل حاصل کرین تو نتایج ذیل حاصل ہونگے

اول فرض کرو کہ لا بڑا ص سی ہے تو تینون کلیون مین سے ہر یک معدوم ہو جائیگی

دوم فرض کرو کہ ط اور ص کے درمیان لا واقع ہوتا ہے تو اول رقم ۱/۲ مج (ص) کی برابر ہوگے اور دوسرے رقم صفر ہوگی اور

ص ع مع جم لولا جب لو مو/لو ز لو

برابر ۱/۲ کی موافق مو کی ان تمام قیمتون کے ہوگی جو بڑی لا سے ہین اور برابر صفر کے موافق مو کی اور قیمتون کے ہوگی پس مجٗ (مو) مین ضرب دین اور مو کے کلی لین تو یہہ حاصل ہوگا کہ

۱/۲ مج (ص) ـ ۱/۲ مج (لا)

پس یہہ حاصل ہوگا کہ

۱/۲ مج (ص) ـ [۱/۲ مج (ص) ـ ۱/۲ مج (لا)]

یعنی ۱/۲ مج (لا) قیمت اصل کلی ثمناۃ کی ہے

سوم فرض کرو کہ لا چھوٹا ط سے ہے تو اول رقم ۱/۲ مج (ص) اور دوسرے رقم ۱/۲ مج (ط) اور تیسری رقم ۱/۲ [مج (ص) ـ مج (ط)] تو یہہ حاصل ہوگا کہ

۱/۲ مج (ص) ـ ۱/۲ مج (ط) ـ ۱/۲ [مج (ص) ـ مج (ط)]

کے واقع ہوا اور حدود غائی برابر برابر کے مج (ع) اور کے مج (ق) کے ہے

جس نتیجہ کا بیان اوپر ہوا ہے اوسکا نام فوریر کا مسئلہ ہے لیکن اکثر اوس صورت پر اس نام کا اطلاق کرتے ہیں جسمیں ق = -∞ اور ع = ∞ پس لا کے ہر تناہی قیمت کیواسطے ہم کو یہہ حاصل ہے

مج (لا) = $\frac{1}{\pi}$ ∞ مع ∞ مع مج (مو) جم لو (مو - لا) ز لو ز مو

(۳۳۲) پوئسن نے دفعہ ۳۳۱ کے آخر نتیجہ کا اثبات لکھا ہے اوسکو ہم دوبارہ زندہ کرتے ہیں یہہ صورت قانونیہ لو کہ

مج (لا) = ۲ ل ... مج (مو) ز مو + $\frac{1}{ل}$ ... جم $\frac{ل کہ (مو - لا)}{ل}$ مج (مو) ز مو

کہ = ھ اور ل کہ = ن ھ = لو کے رکہو تو یہہ حاصل ہوگا کہ

مج (لا) = $\frac{1}{۲ل}$ ... مج (مو) ز مو + $\frac{1}{\pi}$ مج [... جم لو (مو - لا) مج (مو) ز مو] ھ

لو اضعاف ھ کا ہے اور مجموعہ جو مج سے تعبیر ہوتا ہے وہ لو کے تمام قیمتوں پر ھ سے ∞ تک پہیلتا ہے لیکن اگر ل غیر محدود زیادہ ہو تو کوئی سی دو متواتر قیمتوں کا تفاوت ھ غیر محدود چہوٹا ہوتا ہے اور مجموعہ جو مج سے تعبیر ہوا ہے ایک کلی ہو جاتی ہے جو بلحاظ لو کے لو = ۰ سے لو = ∞ تک لیجاہے پس اگر ل = ∞ کے بنائیں اور ز لو کو بجاے ھ کے رکہیں اور علامت کلی کی بجاے مج کے رکہیں اور مج (مو) کو ایسا فرض کریں کہ $\frac{1}{۲ل}$ ... مج (مو) ز مو معدوم ل کے ساتہہ ہو تو یہہ حاصل ہوگا کہ

مج (لا) = $\frac{1}{\pi}$ ∞ مع ∞ مع جم لو (مو - لا) مج (مو) ز لو ز مو

امثلہ متفرقہ

(۱) صورت بیانیہ ... مع مج (لا و ی) ز لا ز ی میں ترتیب کلے کو بدلو

(۲) صورت بیانیہ ... مع مج (لا و ی) ز لا ز ی

(۱۲) ایک خط منحنی دو چند الجناء کا محور لا کے گرد چکر لگاتا ہی تو ثابت کرو کہ سطح مستدیر جو پیدا ہو گی
$= ۲ ک مح \left[(ء ز ء + ب ز ب)^۲ + (ء^۲ + ب^۲)(ز لا)^۲ \right]$

چودہواں باب

اوسط قیمت اور احتمالات میں علم حساب الکلیات کا استعمال

(۳۳۳) یہاں چند مثالیں ایسی لکھی ہیں کہ جنسے معلوم ہوگا کہ علم حساب الکلیات کا استعمال اوسط قیمت اور احتمالات میں کس طرح ہوتا ہے

فرض کرو کہ مح (لا) جملہ لا کو تعبیر کرتا ہے اور لا متواتر برابر ط و ط + ھ و ط + ۲ ھ ... ط + (ن - ۱) ھ

$$\frac{مح (ط) + مح (ط + ھ) + مح (ط + ۲ ھ) + \cdots + مح [ط + (ن - ۱) ھ]}{ن}$$

اوسط قیمت اون قیمتوں کا کہتی ہیں جو مح (لا) کے قیمتیں لا کی ن قیمتوں سے پیدا ہوں

فرض کرو کہ ص - ط = ن ھ تو اوپر کی اوسط قیمت کو اسطرح لکھ سکتے ہیں کہ

$$\frac{\{مح (ط) + مح (ط + ھ) + \cdots + مح [ط + (ن - ۱) ھ]\} ھ}{ص - ط}$$

فرض کرو کہ ط اور ص قائم رہیں اونمیں کچھ تغیر نہ ہو اور ن غیر محدود زیادہ ہو تو اوپر کی صورت بیانیہ کی حد غائی یہہ ہو گی کہ

$$\frac{\int_{ط}^{ص} مح (لا) \, ز لا}{ص - ط}$$

پس اسکی تعریف یہہ ہے کہ وہ اوسط قیمت مح (لا) کی جب ہے کہ لا متواتر لا اور ص کے

(۳۳۴) یہہ سوال ایک مثال اوپر کی دفعہ کی ہے کہ دائرہ کے محیط پر ایک نقطہ معین ہے اوسے دائرہ کے اندر جو تمام نقطی فاصلے رکھی ہیں اونکا اوسط دریافت کرو

اس بیان دعوی سے مطلب یہہ ہے کہ عمل ذیل کریں فرض کرو کہ دائرہ کا رقبہ بہت سے ن برابر چھوٹے چھوٹے رقبوں میں تقسیم ہوے اور ایک کسر بناو جسکا شمار کنندہ مجموعہ ان رقبوں کے ابعاد کا نقطہ معین محیط سے ہو اور نسب نماں ن ہو تو حد غائی اس کسر کی جب ن غیر محدود ہو دریافت کرو

فرض کرو کہ ن و ن ... جدا جدا چھوٹے چھوٹے رقبوں کے فاصلوں کو تعبیر کرتا ہے

اول خط مستقیم سی ہی اور اوسپر یون ہین کہدی گئی ہین اور ہر ایک مقام کا احتمال یکسان ہی ور طول ان خطوط مستقیم کا ص اور ص' ہے تو احتمال اس بات کا دریافت کرو کہ اونکا حصہ مشترک س سی بڑا مدنہ ہو ما حصل

$$\frac{(\text{ط}-\text{ص}+\text{ص}'+\text{س})^2}{(\text{ط}-\text{ص})(\text{ط}-\text{ص}')}$$

(۱۱) ایک غیر محدود سطح مستوی ہی اور اوسپر دل سی خطوط مستقیم متوازیہ متساوی الابعاد کہینچی گئی ہین اور ہر دو متصل کے خطوط مستقیم کے درمیان بعد س ہی ایک خط منحنی مقید جسمین کوئی نقطہ مخصوصہ نہ ہو اور جسکا قطر چہوٹا س سی ہو اوس سطح پر پہینکا گیا ہی تو ثابت کرو کہ کسی ایک خط مستقیم پر ان خطوط مستقیم مین سے اوسکے واقع ہونیکا احتمال $\frac{\text{ل}}{\text{ر س}}$ ہے اور ل احاطہ خط منحنی کا ہے

(۱۲) ا اور ب کے درمیان ط فاصلہ ہی اور ا سے ایک قاصد ب کی طرف چلا اور رفتار اوسکی مو میل فی گہنٹہ ہی لیکن پہلے اسی کہ وہ ب پر پہونچے مینہ برسنا شروع ہوا اور برستا ہوا خاص فاصلہ تک چلا گیا مگر ب سی پہری تہ برسا اور مینہ کی بیال نو میل فی گہنٹہ تہی اگر قاصد کو مینہ مے لے اور وہ اتنی سرعت سے جائے کہ مینہ سے بچا رہے اور پیغام پہونچانی کی اجرت مین جو روپیہ وہ پاتا اوسکو نسبت معکوس وقت پیغام رسانی سے بشرح ن روپیہ فی گہنٹہ کی ہی اور فرض کرو کہ فاصلہ سے معلوم نہین اور وہ بارش کے اغاز کا وقت بہی معلوم نہین مگر احتمال وقوع دونو کا یکسان ہی تو ثابت کرو کہ قاصد کی توقع کی قیمت روپیون مین

$$\frac{\text{ن مو}}{\text{ط}}\left[\frac{1}{2}-\frac{\text{لو}}{\text{مو}}+\frac{\text{لو}(\text{لو}+\text{مو})}{\text{مو}^2}\ \text{لوگ}\ \frac{\text{لو}+\text{مو}}{\text{مو}}\right]$$

ہے

(۱۳) ایک قبہ مستوی بہت بڑا ہی اور اوسپر دل برابر برابر فاصلہ پر خطوط مستقیم سی کیا گیا ہے اور دوسرا دل بہی برابر فاصلہ پر خطوط مستقیم سی کیا گیا ہی اور یہہ خطوط مستقیم عمود دوسرے خطوط مستقیم پر کہینچی گئی ہین اور تسکا اوس مستوی رقبہ پر پہینکا گیا ہی تو بتاؤ کیا احتمال اس بات کا ہی کہ خط کو قطع کریگا

(۱۴) جن خطوط مستقیم کا اوپر بیان کیا گیا ہے اوس پر ایک مکعب پہینکا جائے تو اس بات کا کیا احتمال ہے کہ وہ خط کو قطع کریگا

(۱۵) فرض کرو کہ ن نقطے ترتیب وار ایک قطار مین خط مستقیم مین واقع ہوئے اور ان نقطوں سے معین برابر صو کے کہینچے گئے اور سوا اسکے اول معین بڑا دوسرے معین سے ہے اور دوسرا معین بڑا تیسرے معین سے نہین ہی اور علے ہذا القیاس ثابت کرو کہ اوسط قیمت رو' ین معین کی

$$\frac{\text{صو}}{\text{ن}}\left[\frac{1}{\text{ن}}+\frac{1}{\text{ن}-1}+\frac{1}{\text{ن}-2}+\cdots+\frac{1}{\text{ن}-\text{ر}+1}\right]$$

پندرہوان باب
حساب تغیرات کا

حدغائی زیادتی اور کمی کلی کی جسمین ایک مقدار متغیر حدود غائی معین کے ساتھہ ملتف ہو۔

(۲۳۷) علم حساب الجزئیات کی کتابون مین معلوم جملون کی حدود غائی حد زیادتی و کمی کی قیمتون کا بیان مفصل ہوتا ہی مثلاً اگر مقدار متغیر متبوع لا کے جملہ معلوم کو ر تعبیر کرے تو قیمت یا قیمتین لا کی ایسے دریافت کرسکتے ہین کہ ر کی حد غائی زیادتی یا کمی پر پہونچاوین یا ہم بعض صورتون مین ثابت کردینگے کہ ایسے قیمتین نہین ہین۔

اب ہم ایک اور نوع کے سوالات حد غائی زیادتی اور کمی کا بیان کرتے ہین۔ فرض کرو کہ ر جملہ لا کا ہو اور وہ بالفعل غیر المعین ہو اور مو ایک جملہ معلوم لا و ر و $\frac{د ر}{د لا}$ و $\frac{د^2 ر}{د لا^2}$ کا ہو فرض کرو کہ ہم کو لا اور ر کے درمیان وہ ربط دریافت کرنا ہے کہ کلی مح مو ز لا جو حدود غائی معلوم کے درمیان واقع ہو قیمت حد غائی کمی یا زیادتی کی رکھے۔

اب ہم یہان کلی نہین لے سکتے کیونکہ یہہ معلوم نہین ہے کہ جملہ لا کا ہے اسواسطے مو معلوم نہین ہے کہ جملہ لا کا ہے اسواسطے جو طریقہ کہ سوالات حد غائی زیادتی اور کمی کی دریافت کرنے کا معمولی ہے وہ یہان کام نہین آسکتا اسلئے ضرور ہے کہ ایک نئی ترکیب کا بیان ہو

(۲۳۸) اب جس معاملہ تحلیل کا بیان ہم کرینگے طالب علم اوسکا نام حساب متغیرات رکہی اور اسکا موضوع یہہ ہے کہ صور بیانیہ کلیات کے حد غائی زیادتی یا کمی کی دریافت کرین اور یہہ صور بیانیہ ایسے فرض کیے گئی ہین کہ مقادیر متغیر متبوع سے جو جملے تعبیر ہوے ہین اونکی مختلف صورتون کے تقرر کرنے سے وہ متغیر ہوتی ہین جب طالب علم آگے پڑہینگے تو اونکو معلوم ہوگا کہ اس حد غائی زیادتی یا کمی کے دریافت کرنی کے ترکیب بھی مماثل علم حساب الجزئیات کی ترکیب کی ہے جس سے حد غائی زیادتی یا کمی معلوم ہوتی ہے +

(۲۳۹) مناسب معلوم ہوتا ہے کہ علم حساب الجزئیات مین جو ترکیب لکھی ہے اوسکو ہم

یہان بیان کرین طالب علم کو یاد ہوگا کہ حد غائی زیادتی یا کمی کی اصطلاحات مین اور
اونکی تعریف علم حساب الجزئیات کے رسالہ مین بہت توضیح کے ساتھہ کی گئی ہے اور علم
ریاضی مین اونکی وہی معنے لئے جاتے ہین جو وہان لکھے ہین اکثر غلطی اس سبب سے واقع
ہوتی ہے کہ اصطلاحی معنے جو حد غائی زیادتی کے ہین اور بڑی سی بڑی قیمت کے معنے جو
روزمرہ کی بول چال مین ہین ان دونو معنی کو خلط ملط کردیتی ہین زیادتی اور بڑی سے
بڑی کے معنے مین خلط ہوجاتا ہے ۔

فرض کرو کہ ر جملہ مقدار متغیر تابع لا کا ہے پس اگر نہایت ہی چھوٹا تغیر لا مین کیا جاے
تو اکثر اس سبب سے نہایت ہی چھوٹا تغیر ر مین پیدا ہوجائیگا اور اوسکا مقابلہ بلحاظ مقدار کے
تغیر لا سے ہوجائگا ر کی حد غائی زیادتی یا کمی کی قیمت دریافت کرنے کا جو عمل ہے اوسمین
دو جز ہین اول جز یہ ہے کہ ہم لا کی ایسی قیمت تشخیص کرتے ہین کہ اوسمین نہایت ہی چھوٹا
تغیر ر مین نہایت ہی چھوٹا تغیر مقابلہ کے قابل نہین پیدا کرتا بلکہ ایک تبدل نہایت ہی چھوٹا
بمقابلہ لا کے تبدل کے ہوتا ہے اب دوسرا جز یہ ہے کہ اس نہایت چھوٹی تبدل سے جو ر
مین لا کے تبدل کے سبب سے پیدا ہوا ہے اوسکی علامت کا امتحان کرتے ہین اور حد غائی
زیادتی کی صورت اس علامت کا منفی ہونا اور حد غائی کمی کی صورت مین مثبت ہونا
ضرور ہے ۔

پس ہم اس عمل کو اختصار کے ساتھہ یون بیان کرتے ہین کہ اول مرتبہ کی قیمن مقدار متغیر
تابع کی تبدل مین معدوم کرو اور دوسری مرتبہ کے ارقام کے علامتونکا امتحان کرو
اب ہم اسی ترکیب کے متشابہ بیان کرینگے جس سے کہ ہمارا سوال جو معرض بحث
مین ہے حل ہوگا ۔ بالفعل ہم اول ہی جز عمل کی ساری توجہ کرتے ہین اور بعد ازان
دوسری جز عمل پر توجہ کرینگے ۔

(۲۴۴) اب اول ہم اوس طریقہ کتابت کا بیان کرتے ہین جسکو آگے کام مین لائینگے ۔

فرض کرو کہ لا مقدار متغیر تابع ہے ر جملہ لا کا ہے اور نزلا ی اور نزلا ی سر جزوی ر کی بلحاظ لا کے ہین ہم فرلو سے ایک نہایت چہوٹی مقدار کو تعبیر کرینگے جو جملہ لا کا ہو اور اگر ر کسی مقدار کو تعبیر کرے جو موقوف ر پر ہو تو فر سے اوس زیادتی کو تعبیر کرینگے جو ر کو ر + فر ر مین بدلنے سے ر مین پیدا ہوگی مثلا سر جزوی نزلا ی پر خیال کرو جب ر مین زیادتی فر ر کی ہوتی ہے تو اس سر جزوی مین زیادتی نزفر ی کی ہوتی ہے پس فر نزلا ی سے مراد نزفر ی ہے اکثر اسمین آسانی ہوتی ہے کہ رمز ع کو نزلا ی کے جگہہ کام مین لائین اور رمز فر ع کو نزفر ع کی جگہہ اب دوسری سر جزوی نز۲ ر / نزلا۲ پر خیال کرو جب ر مین زیادتی فر ر کی ہو تو دوسری مرتبہ کی سر جزوی مین زیادتی نز۲ فر ر / نزلا۲ ہوگی اکثر دوسرے مرتبہ کی سر جزوی کو ق سے تعبیر کرو تو آسانی کے لئے فر ق کو بجائی نز۲ فر ر / نزلا۲ کام مین لاتے ہین اور علے ہذا القیاس ف اور ص کو بجای تیسرے اور چوتہی مرتبہ کی سر جزوی کے کام مین لاؤ اور نز۳ فر ر / نزلا۳ اور نز۴ فر ر / نزلا۴ کو فر ف اور فر ص سے تعبیر کرو اور علی ہذا القیاس سر جزویون کو اکثر رکو و ر و ر و ر ... سے تعبیر کرتے ہین اور فر ر اور فر ر اور فر ر ... مساوی لہ فر ع اور فر ق اور فر ف ... موافق اپنی نظیرکی ہین

(۴۴۳) رمز فر کا داخل کرنا ایجاد لاگرانژ کا ہے طالب علم اس بات کو سمجہہ جائیگی کہ اس رمز کے معنے ایسے ہی ہین جیسے کہ علم حساب الجزئیات مین ز کے معنے تہے دو تو ز ر اور فر ر ایک لا نہایت چہوٹی زیادتی کو تعبیر کرتے ہین ز ر علے العموم اوس تغیر کو تعبیر کرتا ہے جو جملہ معلوم کے قیمت مین بہ سبب تغیر قیمت متغیر تابع کے واقع ہوتا ہے اور فر ر اوس تغیر کو تعبیر کرتی ہی کہ صورت جملہ مین کسی تغیر اختیاری کے سبب سے پیدا ہوا ہی مقدار جو فر ر سے تعبیر ہو اوسکو تغیر ر کہتے ہین

(۴۴۴) فرض کرو کہ مو جملہ معلوم لا و ر و نزر / نزلا و نز۲ ر / نزلا۲ ... تعبیر کرتا ہے اور لو = لا ابع مو ز لا اسمین لا. اور لا ا حدود خائی کو تعبیر کرتے ہین قیمت لو کی جب

ہنین دریافت کرسکتے ہین کہ ہم کو یہہ نہ معلوم ہو کہ کون خاص جملہ لا کا دمیں ہے مگر تعبیر اس علم کی یہی ہم صورت بیانیہ اوس زیادتی کے دریافت کرسکتے ہین جو بوین اختیاری زیادتی فرد کو ر مین کرنے سے پیدا ہوتی ہے اور اس سے نتایج عظیمہ استخراج ہوتے ہین۔

فرض کرو کہ مو = مج (لا و ر و ی و گ و ...)

تو بموجب حدود کے

فرمو = مج (لا و ر + فر و ی + فر ی و گ + فر گ و ... + فر ...)

مج (لا و ر و ی و گ و ...)

ٹیلر صاحب کے ضابطہ کے موافق اول رقم معمول کے موافق پہیل سکتی ہے پس

فرمو = مو/ر زفر + مو/ی فری + مو/گ فرگ + مو/... فر ... + ...

اسمین مو/ر سر جزوی بالاجزا مو کا بلحاظ ر کے ہے اور نیز مو/ی سر جزوی بالاجزا مو کا بلحاظ ی کے ہے اور علی ہذا القیاس

اوپر کے صور بیانیہ مین فرمو کی جگہ ہم نے اول مرتبہ کے ارقام کو بیان کیا ہے یعنے ہم نے دوسرے مرتبے کی اور دوسرے زیادہ مرتبہ کی ارقام کو بلحاظ چہوٹی چہوٹی مقادیر فر ر اور فر ی ... کے چہوڑ دیا ہے یہی عمل تمام اپنی تحقیقات مین جاری رکہینگے

پس فرلو = ∫لا مع [مو/ر فر ر + مو/ی فر ی + مو/گ فر گ + مو/... فر ... + ...] زلا

اب ہم اس صورت بیانیہ کی کلی بالاجزا الیکر اور ہیئت مین بدلتے ہین اختصار کے واسطے

مو/ر = نہ اور مو/ی = عو اور مو/گ = قو اور مو/... = ۷ ..

تو مع عو فری زلا = مع عو فری/زلا زلا = عو فری ـ مع عو/زلا فری زلا

اسواسطے ∫لا مع عو فری زلا = (عو فری)۱ ـ (عو فری) ـ ∫لا مع ـ عو/زلا فری زلا

یہان عو فری سے مراد عو فری کی قیمت ہے جب کہ لا بجای لا کے رکہا جای اور (عو فری) سے مراد قیمت عو فری کی ہے جب کہ لا بجای لا کی رکہا جائی اسی قبیل کا طریقہ کتابت آگے تمام کام مین آئیگا

اس بات کو بڑی احتیاط سی دیکہنا چاہیے کہ ر ع/ر لا سے کامل سر جزوی عو کا بلحاظ لا کی
مراد ہے یعنے ر ع/ر لا کے بنانی مین ہمکو یاد رکہنا چاہیے کہ ی اور اوسکی سر جزوی مین پیچید گے
ساتہہ ملتف ہے

پہر مع قو فر ی زلا = مع قو ر ی/ر لا فر ی زلا = قو ر فر ی/ر لا - مع ر قو/ر لا ر و/ر لا ر فر ی/ر لا رلا

= قو ر فر ی/ر لا - ر قو/ر لا فر ی + مع ر ۲ ق/ر لا۲ فر ی رلا

اسواسطے

لا/لا مع قو فر ی رلا = (قو ر فر ی/ر لا - ر قو/ر لا فر ی) - (قو ر فر ی/ر لا - ر قو/ر لا فر ی)

+ لا/لا مع ر ۲ قو/ر لا۲ فر ی ز لا

اور اسیطرح

لا/لا مع س فر ی زلا = (س ر ۲ فر ی/ر لا۲ - ر س/ر لا ر فر ی/ر لا + ر ۲ س/ر لا۲ فر ی)

- (س ر ۲ فر ی/ر لا۲ - ر س/ر لا ر فر ی/ر لا + ر ۲ س/ر لا۲ فر ی) - لا/لا مع ر ۳ س/ر لا۳ فر ی زلا

اس عمل کو جاری جب تلک کہ تمام رموز فر ی و فر ی' و فر ی'' و فر ی''' . . . کلی علامت سے
نکل آئین اور اس بات پر خیال کرو کہ تمام سر جزئیان

ر قو/ر لا و ر ۲ قو/ر لا۲ و ر س/ر لا و ر ۲ س/ر لا۲ و ر ۳ س/ر لا۳ کامل سر جزئیان ہین
اس سے آخر کار معلوم ہوگا کہ

فر لو = فر ی ۱ [عو - ر قو/ر لا + ر ۲ س/ر لا۲ . . .] - فر ی . [عو - ر قو/ر لا + ر ۲ س/ر لا۲ - . .]

+ فر ع ۱ [قو - ر س/ر لا + . .] ۱ - فر ع [قو - ر س/ر لا + . .] .

+ فرق ۱ [س - ۱ . .] ۱ - فرق . [س - . . .

+ . . . .

لا/لا مع (ن - ر ع/ر لا + ر ۲ قو/ر لا۲ - ر ۳ س/ر لا۳ . .) فر ی زلا

یہان طریقۂ کتابت کی بعض سادہ اور صاف صورتین بدیہی اختیار کین ہین مثلاً فر ی ۱ کو بجای
(فر ی) ۱ اور فر ع ۱ کو بجای (ر فر ی/ر لا) ۱ کے اور علی ہذا القیاس کام مین لائین

(۳۴۴۳) قیمت فر لو کی اسطرح تعبیر ہو سکتی ہے کہ

فر لو = ھـ ۱ ـ ھـ ٠ + لاً امح ک فر ز لا

یہان ھـ ۱ سے ایک خاص مجموعہ ارقام کا تعبیر ہوتا ہے جسمین لا ۱ بجای لا کے رکھا گیا ہے اور ھـ ٠ اوسکے بھی متماثل مجموعہ ارقام ہے جسمین لا ٠ بجای لا کے رکھا گیا ہے ان مجموعوات مین

ک = نہ ـ ز ع / ز لا + ... ـ ... + . . .

چونکہ ھـ ۱ ـ ھـ ٠ مین صرف وہ قیمتین مقادیر متغیر کی داخل ہین جو حدود خاص پر ہین اسلئے بعض اوقات ہم کہینگے کہ ھـ ۱ ـ ھـ ٠ ارقام علے الحدود مین

(۳۴۴) اب ہم اون شرائط کی تحقیق کرتے ہین جسسے کہ لو کی حد زیادتی یا کمی کی قیمت حاصل ہو اب تاکہ لو قیمت حد خائی زیادتی یا کمی کی رکھی اوسکے لئے ضرور ہے کہ فر لو معدوم ہو خواہ فر کچھہ ہو مگر اوسکی ساتھہ یہہ شرط ہو کہ وہ نہایت چھوٹی مقدار ہو اسکے لئے یہہ ضرور ہی کہ

ک = ٠ اور ھـ ۱ ـ ھـ ٠ = ٠

اسواسطے کہ اگر ک ہمیشہ صفر نہ ہو تو یہہ ہماری اختیار مین ہو گا کہ فر کی ایسی قیمت مقرر کرین کہ فر لو مثبت یا منفی ہماری مرضی کے موافق ہو اور صفر نہو مثلا فرض کرو کہ فر ز سر حز وی اعلے درجہ کا جو ھـ ۱ ـ ھـ ٠ مین واقع ہوتا ہے ن وان مرتبہ رکھتا ہے

فر ز = سہ (لا ـ لا ۱)^ن (لا ـ لا ٠)^ن اس رکھو اسمین سہ جملہ لا کا ہے جو نہایت ہی چھوٹا ہے اور بالفعل وہ غیر المعین ہے پس یہہ قیمت فر کی ھـ ۱ ـ ھـ ٠ کو معدوم کرتی ہے پس فر کی تحویل لاً امح ک فر ز لا مین ہوگی اب سہ کو ایسا مقرر کرو کہ وہ ہمیشہ مثبت ہو جبکہ ک مثبت ہو اور منفی ہو جب ک منفی ہو تو فر لو ضرور مثبت ہو گا اور اگر علامت سہ کی بدل دین تو فر لو ضرور منفی ہو گا پس اگر ک ہمیشہ صفر نہو تو یہہ ہماری اختیار مین ہی کہ فر کو ایسا مقرر کرین کہ فر لو مثبت یا منفی ہماری مرضی کے موافق ہو اسئی معلوم ہوا کہ لو کی قیمت حد خائی زیادتی یا کمی کی لئی ک = ٠ کے ہونا چاہئی اور لاً امح ک فر ز لا معدوم ہوتا ہی اور اسواسطے ھـ ۱ ـ ھـ ٠ = ٠ کے ہونا چاہئے —

(۵۴۳) پس طالب علم اب حساب متغیرات کے اصل آثار سے واقف ہوگیا ہوگا اور یہہ اصل آثار یہہ ہین

(۱) تحویل فرلو کی ھ ا ھ ۔ ۰ + لا ا مع ک فرو زلا مین

(۲) یہہ اصول کہ ک معدوم ہو تاکہ نو حد غائی زیادتی یا کمی کی رکھی اگرچہ اس مطلب کی تشریح بڑی ہے اور اس سوال کے طرح طرح توسیع ہوئی مگر جو دو نتیجے ہم نے اوپر لکھے ہین وہی بڑی نتیجے ہین —

(۵۴۶) اب ہم نہایت تدقیق کے ساتھہ امتحان ان دو شرائط

ک = ۰ اور ھ ا ھ ۔ = ۰

کی صفت ذاتی کا کرتے ہین مساوات ک = ۰ کو مساوات جزئی کہتے ہین

فرض کرو کہ ر لا سے سب سے اعلی درجہ سر جزوی کا ہی جو مین واقع ہوتا ہی تو یہہ اکثر سا مین بہی واقع ہوگا اور اسیواسطے ز ۲ / د لا ۲ مین سر جزوی ز ۲ / ر لا واقع ہوگی اور یہہ سب سے اعلی درجہ کا سر جزوی ہوگا جو ک مین واقع ہوگا پس مساوات جزئی ک = ۰ کی چہٹے درجہ کی ہوگی غرض اکثر درجہ مساوات جزئی کا دو چند اوس سر جزوی کے مرتبہ سے ہوگا جو مو مین واقع ہوگا —

معادلات جزئی کے رسالون سے یہہ ثابت ہوتا ہی کہ مساوات جزئی مین اتنے ہی مقادیر مستقلہ اختیاری ہوتے ہین جتنا کہ درجہ مساوات جزئی کا ہوتا ہی

اب ہم یہہ بتلا دینگے مقادیر مستقلہ اختیاری جو مساوات ک = ۰ کی داخل کرنے سے پیدا ہوتے ہین کس طرح تشخیص ہوتے ہین کہ جس سے نتیجہ محدود حاصل ہو شرط ھ ا ھ ۔ = اسی کام آتی ہے

دو صورتین پیدا ہوسکتی ہین —

(۱) فرض کرو کہ کوئی شرط سوال مین لا کی قیمتون کے واسطے نہین لگائی جاتی اور اوسکی سر جزوی ان

کلی کے حدود غائی پر ہین تو فر۱ اور فر۰ اور فرع۱ اور فرع۰ تمام اختیاری مقادیر ہین یعنی
یہہ ہمکو اختیار ہی کہ نہایت چہوٹی مقدار جو چاہین ان مقادیر کے واسطے مقرر کر لین مثلاً
ہم اونمین سے جتنی مقدارونکو چاہین صفر فرض کرین چونکہ فر۱ اور فر۰ اور فرع۱ اور فرع۰
تمام اختیاری ہین تو اسواسطے کہ ھـ ـھـ یقینی معدوم ہوجاتی امثال ہر ایک مقدار کا
مقادیر اختیاری مین سی معدوم ہونا چاہیے اس سے اوتنے ہی مساواتین جتنی کہ مقادیر مستقلہ ہین
مقادیر مستقلہ کی تشخیص کرنیکے واسطے حاصل ہونگین

(۲) دوم فرض کرو کہ سوال مین ر کی قیمتونکے واسطے شرائط لگائی گئی ہین اور اوسکی سر جزیات
کلی کی حدود غائی پر ہین تو فر۱ و فر۰ و فرع۱ و فرع۰ تمام اختیاری ہین اسواسطے
کہ بعضی اونمین سی شرائط معلوم کی وساطت سی ہاسنے نقاط کی ارقام مین بیان ہوسکتی ہین
فرض کرو کہ جتنی ممکن ہون اوتنی مقادیر فر۱ و فر۰ و فرع۱ و فرع۰ مین سے
ھـ ا ھـ مین ساقط کیجائین تو جو باقی رہین اونکی امثال کو برابر صفر کے لکہو
پس مساواتین جو اسطرح حاصل ہونگی مع اون مساواتونکے جو شرائط معلوم کو پورا کرتی ہین اتنی
مساواتین تعداد مین ہوجائنگی جتنی مقادیر مستقلہ تعداد مین ہین اور اس سبب سے مقادیر مستقلہ
کی تشخیص کرنیمین وہ کام دینگی —

(۲۴۷) بڑی مشکل مثالون کے اندر یہہ اکثر پڑتی ہی کہ مساوات جزی ک = ۰ کی حل
کرنی دشوار ہوتی ہے اور بعض اوقات یہہ مشکل کسیطرح حل نہین سکتی اب ہم یہہ بتلائینگے
کہ جب مومین مقدار متغیر متبوع سادگی کے ساتہہ نہین ملتف ہوتی تو ہم ایک قدم ہمیشہ مساوات
جزئی کے حل کرنیمین چل سکتے ہین عملیات کے لئی فقط یہی کافی ہوگا کہ ہم فقط وہی صورت
لین جسمین سر جزوی ر کا تیسرے مرتبہ سے زیادہ نہین آتا
چونکہ مومین بموجب فرض کے لا بغیر پیچیدگی کے ملتف ہے تو ہمکو مو کی کامل سر جزوی کے
واسطے یہہ حاصل ہے کہ

ر نسو / رلا = نہ ر ز ی / ر لا + عو ر ز ع / ر لا + فو ر ز ف / ر لا + س ر ز ک / ر لا

اور بموجب فرض کے

۰ = نہ − ر ز عو / ر لا + ر۲ ز فو / ر لا۲ − ر۳ ز ک / ر لا۳ . . . (۱) پس

ر نسو / ر لا = ر ز عو / ر لا . ر ز ی / ر لا + عو ر ز ع / ر لا − ر۲ ز فو / ر لا۲ . ر ز ی / ر لا + فو ر ز ق / ر لا + ر۳ ز ک / ر لا۳ . ر لو / ر لا + س ر ز ر / ر لا

اب ر ز ع / ر لا . ر ز ی / ر لا + عو ر ز ع / ر لا = ر ز / ر لا (عو ر ز ی / ر لا)

ر۲ ز فو / ر لا۲ . ر ز ی / ر لا − فو ر ز ق / ر لا = ر ز / ر لا [ر ز فو / ر لا . ر ز ی / ر لا − فو ر۲ ز ی / ر لا۲]

ر۳ ز ک / ر لا۳ . ر ز ی / ر لا + س ر ز ر / ر لا = ر ز / ر لا [ر۲ ز ک / ر لا۲ . ر ز ی / ر لا − ر ز ک / ر لا . ر۲ ز ی / ر لا۲ + س ر۳ ز ی / ر لا۳]

اس سے معلوم ہوا کہ کلی لینے سے

مو = عو ر ز ی / ر لا + ر ز فو / ر لا . ر ز ی / ر لا − فو ر۲ ز ی / ر لا۲ + ر۲ ز ک / ر لا۲ . ر ز ی / ر لا − ر ز ک / ر لا . ر۲ ز ی / ر لا۲ + س ر۳ ز ی / ر لا۳ + س (۲)

اس مین س ایک اختیاری مقدار مستقلہ ہے سب سے اعلی درجہ سر جزوی جو (۲) مین واقع ہوسکتا ہے ر۳ ز ی / ر لا۳ ہے جو ر۳ ک / ر لا۳ کے اندر آتا ہے پس (۲) ایک مساوات جزوئی پانچوین درجہ کی ہے اور یہہ کلی اول مساوات (۱) کی ہے اور مساوات (۱) چھٹے درجہ کی ہے

خاص صورتین س یا فو یا عو کو صفر فرض کر کے نکل سکتی ہین مثلاً بڑی لکھا آبد صورت یہہ جسمین مو کے اندر صرف د اور ر ی / ر لا ملتف ہوتا ہے پس (۱) کی یہہ صورت ہوجاتی ہی کہ

نہ − ر ز عو / ر لا = ۰

اور (۲) کی یہہ صورت ہوجاتی ہے کہ

لو = عو ر ی / ر لا + س

(۴۸۳) مساوات جزوی ک = ۰ یہی قابلیت ایک ہی کلی کی رکھتی ہے جب مو مین مقدار متغیر تابع سے داخل ہوا سواسطے کہ نہ = ۰ کے ہونی سے مساوات یہہ ہوجائیگی کہ

ر ز عو / ر لا − ر۲ ز فو / ر لا۲ + ر۳ ز ک / ر لا۳ − . . . = ۰

اور اسواسطے

عو − ر ز فو / ر لا + ر۲ ز ک / ر لا۲ − . . . = س

(۳۴۹) ہم کو معلوم ہے کہ لاَامع مو ز لا = مغ امو ز لا/ زو ز ، یہہ فرض کر لیا ہے کہ کلی کی حدود
غائی بلحاظ د کے ایسی مقرر کی گئی ہین کہ وہ متناظر اوس کلی کی حد غائی کی ہین جو بلحاظ د کے
لیجائیں اور سر جز دیان ر کی بلحاظ لا کی اون سر جزو نکی ارقام مین بیان ہو سکتی ہین جو
لا کے بلحاظ د کے لیجائین پس مع مو ز لا/ زو ز ، مین د مقدار متبوع اور لا کو تابع خیال
کر سکتے ہین اور اس نئی صورت مین کلی کی حد غائی زیادتی یا کمی کی ہم دریافت کرتے ہین
ہم پہلے سے اسکو یقینی جانتے ہین کہ سوال نفس الامر مین مقدار متغیر متبوع کے تبدل سے
متبدل نہین ہوتا اور اس سبب سی ہم کو وہی نتیجہ حاصل ہوگا جو اصل مقدار متغیر متبوع
قایم رکہنے سے حاصل ہوتا۔

اس سی معلوم ہوا کہ دفعات ۳۴۷ اور ۳۴۹ کی صورتین آپسمین مطابق ہین

(۳۵۰) پہر ہم کو فرض کر لینے دو کہ مو مین صرف ع اور ق ملتف ہین تو مساوات جزئی
ک = ۰ کی تحویل اور اختصار

$$- \frac{\text{ر عو}}{\text{ر لا}} + \frac{\text{ر}^2 \text{فو}}{\text{ر لا}^2} = ۰$$

اسواسطے کل لینے سے

$$\text{عو} = \frac{\text{ر فو}}{\text{ر لا}} + \text{س}_۱$$

$$\text{اور نیز } \frac{\text{ز مو}}{\text{ز لا}} = \text{عو} \frac{\text{ز ع}}{\text{ز لا}} + \text{فو} \frac{\text{ر ق}}{\text{ر لا}}$$

$$= \text{س}_۱ \frac{\text{ر ع}}{\text{ر لا}} + \frac{\text{ر فو}}{\text{ر لا}} \frac{\text{ر ع}}{\text{ر لا}} + \text{فو} \frac{\text{ر ق}}{\text{ر لا}}$$

اسواسطی کلی لینے سے

$$\text{مو} = \text{فو ق} + \text{س}_۱ \text{ ع} + \text{س}_۲$$

یہان س۱ اور س۲ مقادیر مستقل ہین اس صورت مین مساوات جزئی ک = ۰ چوتہے
درجہ کی ہے اور نتیجہ جو حاصل ہوگا وہ مساوات جزئی درجہ دوم کی ہے پس ہم نے دو قدم
مساوات جزئی ک = ۰ کی کلی مین طے کی

(۳۵۱) اب ہم چند مسایلکو لکہتے ہین اور اوسمین جز اول کی طرف حد غائی زیادتی یا کمی کے

قیمتونکو دریافت کرنیکی واسطے عمل مین بالکل توجہ کرینگے دفعہ ۳۳۹ دیکھو

(۳۵۲) دو نقطونکے اندر چھوٹے سے چھوٹا خط دریافت کرو

اس مثال کو فقط اسلئے لکھا ہے کہ صورت قانونیہ کی توضیح خوب ہو جاوی کیونکہ یہہ ظاہر ہے کہ نتیجہ خط مستقیم ہوگا جو اون دو نقطون کو وصل کریگا

یہان $بو = \sqrt{(۱ + ع^۲)}$ اور $لو = \int_{لا_۰}^{لا_۱} \sqrt{(۱ + ع^۲)}\, زلا$

پس مو مین ع ملتف ہین اور مساوات $ک = ۰$ کی تحویل اور اختصار یہہ ہوگا کہ $\frac{رعو}{رلا} = ۰$

پس عو ایک مقدار مستقل ہو یعنی $\frac{ع}{\sqrt{(۱ + ع^۲)}}$ ایک مقدار مستقل ہو اس سے ثابت ہوتا ہی کہ ع ایک مقدار مستقل ہو اسواسطے خط چاہیے ایک خط مستقیم ہو

اس صورت مین $ھ_۱ - ھ_۰ = \frac{فری_۱ ع_۱}{\sqrt{(۱ + ع_۱^۲)}} - \frac{فری_۰ ع_۰}{\sqrt{(۱ + ع_۰^۲)}}$

اگر اب دو نقطے نقاط معین ہون تو یہہ حاصل ہوگا کہ $فری_۱ = ۰$ اور $فری_۰ = ۰$ پس $ھ_۱ - ھ_۰$ معدوم ہوتا ہے تو قیمت ع کی اس شرط سے دریافت ہوتی ہی کہ خط مستقیم دو نقاط معین مین گذرے

لیکن فرض کرو کہ معین دونو نقطون کی ابہی نہین مقرر ہوی اور محدد مقرر ہین کیونکہ $لا_۱$ اور $لا_۰$ مقادیر مستقل خیال کی گئی ہین اس صورت مین $فری_۱$ اور $فری_۰$ اختیاری ہین اور اسواسطے $ھ_۱ - ھ_۰$ ضرور نہین ہے کہ معدوم ہو اس اشتمال $فری_۱$ اور $فری_۰$ کے معدوم نہون اس بابکے لئی ضرور ہے کہ $ع_۱$ اور $ع_۰$ معدوم ہونی چاہئی پس صورت قانونیہ بالکل مطابق اس امر بدیہی کے ہی کہ جب دو خطوط مستقیم متوازی ہون تو سب سی چھوٹا فاصلہ اونکے درمیان خط مستقیم ہوگا جو عمود دونو خطون پر ہو —

(۳۵۳) ایک خط ایسا دریافت کرو کہ اوسکے ایک نقطہ سے دوسرے نقطہ تک ایک چیز بہت ہی جلد اتر جاوی اس سوال کے معنے بالتفصیل یہہ ہین کہ فرض کرو نہایت ہی پتلی نلی ہو اور وہ دو نقطون کو وصل کرتی ہو اور ورنی ذرہ اس نلی کے اندر پہسلے تو ہم کو

یہہ دریافت کرنا منظور ہی کہ اس ذرہ کی اترنے کا وقت نہایت ہی کم ہو اس سوال کا نام اقل الزمان ہے اوسکو اول اول سنہ ۱۶۹۶ع مین برنولی صاحب نے ایجاد کیا تہا اور اوسی کے سبب سے یہہ حساب تغیرات کا ایجاد ہوا -

ہم فرض کرتے ہین کہ خط مطلوب ایک سطح عمودی مین واقع ہوتا ہے اور اس سطح مین دو معلوم نقطے ہین اور فرض کرو کہ محور د کا عمود وار اندازہ کیا جاتا ہی اور محور مذکور ایسا مقرر کرو کہ وہ او پ کے نقطے پر گذری اور ذرہ حالت سکون سی متحرک ہوتا ہوا فرض کیا گیا ہے

اصول علم ادوات کے موافق عمق د مین گرنے سی ذرہ کو رفتار $\sqrt{۲\,\text{فس}\,د}$ (شرح کشش ف) پس وقت اترنے کا $\int \frac{\sqrt{(1+ع^2)}}{\sqrt{۲\,\text{فس}\,د}}\,زلا$ پس ہم یہہ مقرر کر سکتے ہین کہ

$$مو = \frac{\sqrt{(1+ع^2)}}{\sqrt{د}}$$

یہان مو مین د اور ع ملتف ہین پس بموجب دفعہ ۲۷۴ کے حد غائی کی لئے یہہ ہونا چاہئی کہ $مو = ع\,و\,ع + س$

یعنے
$$\frac{\sqrt{1+ع^2}}{\sqrt{د}} = \frac{ع^2}{\sqrt{\left[د(1+ع^2)\right]}} + س$$

اسواسطے
$$س = \frac{1}{\sqrt{\left[د(1+ع^2)\right]}}$$

اسی معلوم ہوا کہ $د\,(1+ع^2)$ = ایک مقدار مستقل = ۲ط کے فرض کرو

اسواسطے $ع^2 = \frac{۲ط - د}{د}$

اسواسطے $\frac{زلا}{زد} = \left(\frac{د}{۲ط - د}\right)^{\frac{1}{2}} = \frac{د}{\sqrt{(۲طد - د^2)}}$

اسواسطے $لا = ط\,جع^{-1}\frac{د}{ط} - (۲طد - د^2)^{\frac{1}{2}} + ص$ اسمین ص ایک اور مقدار مستقل ہے

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ خط منحنی مطلوب خط تدویری ہی جسکا قاعدہ افقی ہے اور جسکا راس نیچے ہی اور قرن او پ کے نقطہ پر ہے ہم مبدء کو او پ کے نقطہ پر فرض کر سکتے ہین

لو لا. = . پس ص = .

یہان $\text{ھ}_1 - \text{ھ}_0 = \left[\frac{\text{ع فر د}}{\sqrt{(1+\text{ع}^2)}}\right]_1 - \left[\frac{\text{ع فر د}}{\sqrt{(1+\text{ع}^2)}}\right]_0$

$= \frac{1}{\sqrt{(2\text{ط})}}\left[(\text{ع فر د})_1 - (\text{ع فر د})_0\right]$

اور اب ہم طرفین کے نقطونکو قایم فرض کرتے ہین تو فر د ۱ اور فر د . معدوم ہوتے ہین اور اسواسطے ھ ۱ – ھ . بہی معدوم ہوتی ہے

مقدار مستقل ط اس شرط کے سبب سے دریافت ہوتی ہی کہ خط تدویر نیچے کے نقطہ معلوم پر گدزتا ہی

لیکن فرض کرو کہ صرف نیچے کے نقطہ کا محدد معلوم ہی اور معین ہنین معلوم تو موافق سابق کے ھ . معدوم ہوتا ہے ھ ۱ = $\frac{(\text{ع فر د})_1}{\sqrt{(2\text{ط})}}$ اب فر د ۱ اختیاری ہے

اب ع ۱ = . کے ہونا چاہئی تا کہ ھ ۱ معدوم ہو پس مماس خط تدویر کا نیچے کے حد بنانے والے نقطہ پر افقی ہوگا اس صورت مین یہہ شرط مقدار مستقل ط کی دریافت کرنیمین بکار آمد ہے

(۳۵۴) اب اس سوال کی یون ترمیم کرتے ہین کہ ذرہ حالت سکون سے متحرک ہنین ہوا بلکہ وہ برفتار معین متحرک ہوا ہی اس صورت مین ہم یہہ ہنین فرض کرتے کہ محور لا کا اوپر کے نقطہ مین گدزتا بلکہ محور لا ایسا مقرر کرتے ہین کہ اوسپر سے جو نقطہ معین بالا تک گرنے مین رفتار حاصل ہو وہ وہ رفتار ہو جو ذرہ کو چلنے کے وقت حاصل ہی باقی حل وہی رہتا ہی جو سابق مین تہا لیکن قرن خط تدویر کا اوپر کے نقطہ معین پر نہین ہوگا بلکہ محور لا کے اندر ہوگا

(۳۵۵) دو نقاط معین کو وصل کرتا ہوا خط ایسا دریافت کرو کہ اس خط اور اوسکی لف اور نصف اقطار انحناء جو اوسکے اطراف سی بہیجے جائین ان سب کے درمیان رقبہ کم از کم ہو بموجب دفعہ ۷۵ اکے صورت بیانیہ جو حد غائی کی رکہے وہ یہہ ہے،

$\text{لا}\frac{\text{لا}}{\text{لا}}\,\text{مع}\ \frac{(1+\text{ع}^2)^2}{\text{ق}}\ \text{ز لا}$

یہان سومین ع اور ق ملتف ہوتا ہی اور اسیواسطی بموجب دفعہ ۳۵۰ کی حد غای کلمی کی
واسطی ہم کو یہہ حاصل ہوگا کہ

سو = فوق + س۱ ع + س۲

یعنی (۱+ع۲)۲ / ق = − (۱+ع۲)۲ / ق ق + س۱ ع + س۲

اسواسطی (س۱ ع + س۲) / (۱+ع۲)۲ = ۲

کلی لینے سے

س۱ مستل ع + (س۱ ع − س) / (۱+ع۲) = ۲لا + س۱ ... (۱)

نیز (س۱ ع۲ + س۲ ع) / (۱+ع۲)۲ ق = ۲ع

اسواسطے کلی لینی سے

س۱ مستل ع − (س۱ ع + س۲) / (۱+ع۲) = ۲ی + مقدار مستقل

س۲ کو طرفین مساوات پر زیادہ کرو تو ہم کو یہہ حاصل ہوگا

س۱ مستل ع + ع(س۲ ع − س۱) / (۱+ع۲) = ۲ی + س۲ ... (۲)

مستل ع کو (۱) اور (۲) سے ساقط کرو تو

(س۲ ع − س۱)۲ / (۱+ع۲) = ۲س۱ ی − ۲س۱ لا + س۲ س۱ − س۱ س۱ ... (۲)

اسواسطے

۱/۲ (۱+ع۲) = (س۲ ع − س۱) / ۱/۲ (س۲ ی − س۱ لا + ب)

اسمین ب ایسا ہی کہ ۲ب = س۲ س۱ − س۱ س۳
فرض کرو کہ صوطول قوس خط منحنی کا ایک نقطہ معین سے اندازہ کیا جای تو آخر مساوات کی
کی کلی لینے سے ہم کو یہہ حاصل ہوگا

صو + س = ۱/۲ (س۲ ی − س۱ لا + ب)

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ خط منحنی خط تدویر ہوتا ہے دفعہ ۲۷ دیکھو

اب ہم صورت بیانیہ ھـ ا ـ ھـ . کا امتحان کرین . تو یہہ حاصل ہے کہ

ھـ ا = فر د ا (عو ـ ریفہ/رلا) ا + فرع ا فو ا

ھـ . = فر د . (عو ـ ریفہ/رلا) . + فرع . فو .

اطراف کے نقطہ معین فرض کئے گئے ہین تو فر د ا اور فر د . معدوم ہوتی ہین پس کہ

ھـ ا = فرع ا فو ا اور ھـ . = فرع . فو .

فرض کرو کہ ہم یہہ شرط لگائین کہ خط مطلوب کے جو مماس اطراف کے نقطون سی نکالے جائین تو اونکی ایک سمت مقرر ہوتی ہے پس فرع معدوم ہوتے ہی اور ھـ ا ـ ھـ . معدوم ہوتی ہین اس صورت مین خط تدویر کا ان شرائط سے دریافت ہونا چاہئی کہ وہ دو نقاط معلوم پر گذرے اور ان نقطون سے جو اوسکے مماس سے نکالی جائین اونکی سمت معین ہون لیکن اگر کوئی شرط ع کی قیمتون کے ساتھہ حدود غای پر نہ لگائی جای تو ہمکو یہہ حاصل ہونا چاہیے کہ فو ا = ۰ اور فو . = ۰ تاکہ ھـ ا ـ ھـ . معدوم ہو جاے

اب فو = (۱+ع^۲)^۲ / ن^۲ اور نصف قطر انحنار = (۱+ع^۲)^(۳/۲) / ن

پس ضعف قطر نقاط اطراف پر معدوم ہویے خط تدویر ان نقاط پر قرن رکہی

(۳۵۶) اوس مجسم مستدیر کی صورت دریافت کرو کہ جسکو مایع مین متحرک کرین تو اوسکا مقابلہ یہہ مایع نہایت ہی کم از کم کری اور مسئلہ مقابلہ کا حسب معمول تسلیم کر لیا گیا ہے محور لا کو محور حرکت مقرر کرو پس مسئلہ مقابلہ کو تسلیم کرو اوسکا بیان علم آب کی کتابون مین ہوتا ہے پس صورت بیانیہ جو حد غای کمی کی رکہی یہہ ہوگی

$$\int \frac{ی ع^3}{1+ع^2}\, رلا$$

یہان مو مین ی اور ع ملتف ہین اور اسواسطے بموجب دفعہ ۳۳۷ کے حد غای کمی کے واسطے یہہ حاصل ہونا چاہیے کہ

مو = عو ع + س

یعنے $\frac{د ع^{۴}}{ر + ع^{۲}} = \frac{۳ ع^{۳} + ع^{۵}}{۲(۱ + ع^{۲})^{۲}} + س$

اسواسطے $\frac{۲ د ع^{۳}}{(۱ + ع^{۲})} + س = ۰$

یہہ مساوات جزئی ہے خط منحنی مطلوب کی تشخیص ہوتا ہے

+ کلیان جنکی حدود غائی متغیر ہوتی ہین

(۳۰۵) ہم نے نہایت توضیح اور تصریح کے ساتھہ اوس کلیہ کا بیان کر دیا جسنے کہ حد غائی کی زیادتی یا کمی کی اوس حالت مین دریافت ہوتی ہے کہ اوسمین ایک مقدار متغیر متبوع ملتف ہو اور کل کی حدود غای مستقل ہون اب ہم سوال مذکور کو توسیع دیتی ہین اور کلی کی حدود غائی کو متغیر ٹہیرا کر ہم دیکھتی ہین کہ کیا مشکل پیدا ہوتی ہے

مثلاً فرض کرو کہ ہم کو ایک سطح عمودی معلوم مین دو خطوط منحنی معلوم ہین اور ہم کو مطلوب یہہ ہے کہ ایک خط منحنی جسپر کوئی ذرہ نہایت کم وقت مین اترجای ایک خط منحنی سی دوسرے خط منحنی تک دریافت کرین اور ذرہ اوس قوتسے متحرک ہوتا ہے جو ایک خط مستقیم مین گرنے سے اوسکو حاصل ہوتی ہے یہان ہم کو ایک نقطہ ایسا دریافت کرنا ہے جسپر سے ذرہ اوپر کے خط منحنی کو چھوڑتا ہی دوسرا نقطہ وہ معلوم کرنا ہے جسپر کہ نیچے کی خط پیر ذرہ پہونچتا ہے اور وہ رستہ دریافت کرنا ہے جو یہہ ذرہ طے کرتا ہے اسلئے ہم کو نیچے زیادہ اوپر کے مثالونکی نسبت کرنا چاہئے اب ہم یہہ بیان کرتی ہین کہ ہم کو کیا عمل کرنا چاہئے جو کچھہ اوپر بیان ہوا ہے اوسے ہم کو یہہ معلوم ہی کہ خط منحنی خط تدویر ہوگا جسکا قاعدہ افقی اور قرن معلوم خط مستقیم افقی پر ہوگا اسواسطے کہ فرض کرو کہ ایک اوپر خط منحنی اوپر کے خط منحنی کی کسی نقطہ سی نیچے کے خط منحنی کی کسی نقطہ تک کھینچا گیا ہے یہہ خط منحنی کم از کم وقت کا نہین ہوسکتا اسواسطے کہ ہم اس بات کو جانتے ہین کہ تعبیر نقاط اطراف بدلنی کی ہم لیلیے خط منحنی کم وقت کا بہ نسبت اسی خط منحنی کے دریافت کرسکتے ہین یعنے ایک خط تدویر جسکا قاعدہ افقی ہو اور قرن اوسکا خط افقی معلوم پر ہو چونکہ ہم اس بات کو جانتی ہین کہ

کہ خط منحنی مطلوب خط تدویر ہوتا ہے اصلی سوال کا وہ حصہ جو حساب تغیرات پر موقوف تہا حل
ہوگیا اور موافق قاعدہ معمولی حد غائی زیادتی یا کمی کے ہم اوس خط تدویر کا مقام دریافت
کر سکتے ہین جبکہ دقت حد غائی کمی کی رکہتا ہے حقیقت مین ابتدا اور انتہا کی نقطی اختیاری
ہین تو ہم مساوات اوس خط تدویر کی دریافت کر سکتے ہین جو ان نقاط پر گذری تو دقت اترنے
کا جملہ معلوم محددین نقاط ابتدائی اور انتہائی کا ہوگا تو ہم کو یہہ دریافت ہو جائیگا کہ محددین
کی کن قیمتون کے موافق دقت حد غائی کمی رکہتا ہے ــ

(۳۵۸) دفعہ گذشتہ مین ہم نے ثابت کیا ہے کہ یہہ کچہہ قطعی ضرور نہین کہ کوئی ترمیم
ہم صورت قانونیہ مین کرین تاکہ وہ صورت اوسکے اندر داخل ہوجای جسمین حدود
غائی کلی تبدیل ہونے کی قابلیت رکہتے ہین کیونکہ جو عمل ہم نے دیکہا ہے اوسکو علم
حساب الجزئیات کی قواعد معمولی کے ساتہہ شامل کرین تو اوس سے ہر ایک مثال حل
ہوجائیگی یہہ تسہیل مطلب کے لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ایسے مثالونکی حل کرنیکے واسطے
